تالیف: خلیل احمد نینی تال والا

صوبے کیوں ضروری ہیں

تالیف: خلیل احمد نینی تال والا

صوبے کیوں ضروری ہیں

تالیف: خلیل احمد نینی تال والا

نمبرشمار	فہرست ممالک	صفحہ نمبر
1	تمہید	I--XXIV
2	افغانستان	1-3
3	البانیا	4-5
4	الجزائر	6-7
5	انڈورا	8-9
6	انگولا	10-11
7	انٹیگوا باربوڈا	12-13
8	ارجنٹائن	14-15
9	آرمینیا	16-17
10	آسٹریلیا	18-19
11	آسٹریا	20-21
12	آذربائیجان	22-23
13	بہاماس	24-25
14	بحرین	26-27
15	بنگلہ دیش	28-29
16	باربیڈوس	30-31
17	بیلارس	32-33
18	بیلجیئم	34-35
19	بیلیز	36-37
20	بینن	38-39
21	بھوٹان	40-41
22	بولیویا	42-43
23	بوسنیاوہرزوگووینا	44-45
24	بوٹسوانا	46-47
25	برازیل	48-49
26	برونائی دارالسلام	50-51
27	بلغاریہ	52-53
28	برکینافاسو	54-55
29	برونڈی	56-57
30	کمبوڈیا	58-59
31	کیمرون	60-61
32	کینیڈا	62-64
33	کیپ وردے	65-66
34	وسطی افریقہ	67-68
35	چاڈ	69-70
36	چلی	71-72
37	چین	73-74
38	کولمبیا	75-76
39	کوموروس	77-78
40	کانگو	79-80

صفحہ نمبر	فہرست ممالک	نمبرشمار
81-82	کوسٹاریکا	41
83-84	کوٹ ڈی ایوارے	42
85-86	کروشیا	43
87-88	کیوبا	44
89-90	سائپرس	45
91-92	چیک جمہوریہ	46
93-94	ڈنمارک	47
95-96	جبوتی	48
97-98	ڈومینیکا	49
99-100	ڈومینیکن ریپبلک	50
101-102	ایکواڈور	51
103-104	مشرقی تیمور	52
105-106	مصر	53
107-108	ایل سلواڈور	54
109-110	انگلستان	55
111-112	جمہوریہ کونگو	56
113-114	اریٹیریا	57
115-116	جمہوریہ استونیا	58
117-118	ایتھوپیا	59
119-120	فجی	60

صفحہ نمبر	فہرست ممالک	نمبرشمار
121-122	فن لینڈ	61
123-124	فرانس	62
125-126	گیبون	63
127-127	گیمبیا	64
128-129	جارجیا	65
130-131	جرمنی	66
132-133	گھانا	67
134-135	گریناڈا	68
136-137	گوئٹے مالا	69
138-139	گنیا	70
140-140	گنی بساؤ	71
141-142	گیانا	72
143-144	ہیٹی	73
145-146	ہونڈوراس	74
147-148	ہنگری	75
149-150	آئس لینڈ	76
151-152	انڈیا	77
153-154	انڈونیشیا	78
155-156	ایران	79
157-158	عراق	80

نمبرشمار	فہرست ممالک	صفحہ نمبر
81	اسرائیل	159-159
82	اٹلی	160-161
83	آئرلینڈ	162-162
84	جمیکا	163-164
85	جاپان	165-166
86	اردن	167-168
87	قازقستان	169-170
88	کینیا	171-171
89	کیریباتی	172-172
90	شمالی کوریا	173-173
91	جنوبی کوریا	174-175
92	کوسوو	176-176
93	کویت	177-178
94	کرغیزستان	179-180
95	لاوس	181-181
96	لٹویا	182-182
97	لبنان	183-184
98	لیسوتھو	185-185
99	لائبیریا	186-186
100	لیبیا	187-187

نمبرشمار	فہرست ممالک	صفحہ نمبر
101	لیختنسٹائن	188-188
102	لتھووینیا	189-189
103	لکسمبرگ	190-191
104	مڈغاسکر	192-193
105	ملاوی	194-194
106	ملائیشیا	195-195
107	مالدیپ	196-197
108	مالی	198-199
109	مالٹا	200-200
110	جزائر مارشل	201-201
111	موریتانیا	202-202
112	موریشس	203-204
113	میکسیکو	205-206
114	مائیکرونیشیا	207-208
115	مالدووا	209-210
116	موناکو	211-211
117	منگولیا	212-213
118	مقدونیا	214-214
119	مونٹی نیگرو	215-215
120	مراکش	216-217

نمبر شمار	فہرست ممالک	صفحہ نمبر
121	موزمبیق	218-218
122	میانمار	219-219
123	نمیبیا	220-220
124	ناورو	221-221
125	نیپال	222-223
126	نیدرلینڈ	224-225
127	نیوزی لینڈ	226-227
128	نکاراگوا	228-229
129	نائجر	230-231
130	نائجیریا	232-233
131	ناروے	234-235
132	شمالی آئرلینڈ	236-236
133	عمان	237-237
134	پاکستان	238-239
135	فلسطین	240-241
136	پاناما	242-242
137	پاپوانیوگنی	243-243
138	پیراگوئے	244-244
139	پیرو	245-246
140	فلپائن	247-248
141	پولینڈ	249-250
142	پرتگال	251-251
143	پلاؤ	252-252
144	قطر	253-253
145	رومانیا	254-254
146	روس	255-256
147	روانڈا	257-258
148	سینٹ کیٹز	259-259
149	سینٹ وینسینٹ گرینا ڈائنز	260-260
150	ساموا	261-261
151	سان مارینو	262-262
152	ساؤتام	263-263
153	سعودی عرب	264-265
154	اسکاٹ لینڈ	266-267
155	سینیگال	268-269
156	سربیا	270-271
157	سیچلیس	272-273
158	سیرالیون	274-274
159	سنگاپور	275-276
160	سلوواکیا	277-278

صفحہ نمبر	فہرست ممالک	نمبرشمار
279-280	سلووینیا	161
281-282	جزائر سلیمان	162
283-283	صومالیا	163
284-285	جنوبی افریقہ	164
286-287	اسپین	165
288-289	سری لنکا	166
290-290	سوڈان	167
291-291	سرینام	168
292-293	سوازی لینڈ	169
294-295	سویڈن	170
296-297	سوئٹزرلینڈ	171
298-299	شام	172
300-300	سینٹ لوسیا	173
301-302	تاجکستان	174
303-304	تنزانیا	175
305-305	تھائی لینڈ	176
306-306	تائیوان	177
307-308	ٹوگو	178
309-309	ٹونگا	179
310-311	تیونس	180

صفحہ نمبر	فہرست ممالک	نمبرشمار
312-313	ترکی	181
314-315	ترکمانستان	182
316-316	تووالو	183
317-318	ٹرینیڈاڈ ٹوباگو	184
319-319	یوگینڈا	185
320-321	یوکرین	186
322-323	ریاست ہائے متحدہ امریکہ	187
324-325	برطانیہ	188
326-327	متحدہ عرب امارات	189
328-328	یوراگوئے	190
329-330	ازبکستان	191
331-331	وانواتو	192
332-333	ویٹیکن سٹی	193
334-335	وینزویلا	194
336-336	ویسٹرن سہارا	195
337-338	ویتنام	196
339-339	یمن	197
340-340	زیمبیا	198
341-341	زمبابوے	199
342-342	زائر	200

تمہید

چند اہم سوالات و جوابات، ہر دانشور فرد کو ان حقیقی اور سچ پر مبنی حقائق کو جاننا لازمی ہے اور پاکستان میں مہاجر قوم کے آئینی حقوق کو سمجھنا ضروری ہے اور کس طرح اور کس نے مہاجروں کے حقوق غصب کئے ہیں اور یہ حقوق کس طرح حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

سوال نمبر 1: مہاجر کون ہیں اور ان کے مسائل کیا ہیں؟

جواب: مہاجرین وہ لوگ ہیں جنہوں نے 1947ء میں اور اس کے بعد غیر منقسم برصغیر انڈیا کے مسلم اقلیتی صوبوں سے پاکستان میں ہجرت کی۔ اگرچہ مہاجرین ان ہندو، سکھ اور دوسرے غیر مسلم شرنارتھیوں کے متبادل کے طور پر آئے تھے، جنہوں نے پاکستانی علاقوں سے ہجرت کی تھی اور اپنی تمام زمین، گھر، کاروبار وغیرہ پاکستان میں چھوڑ کر انڈیا چلے گئے تھے اور خاص طور پر یہ شرنارتھی سرحد، پنجاب، بلوچستان اور سندھ سے گئے تھے اور جب وہ انڈیا پہنچے تو انہوں نے انڈیا میں دہلی، بمبئی (اب ممبئی) اور دوسرے شہروں اور دیہاتوں کے مسلمانوں کی زندگی اجیرن کردی اور انڈیا میں لاکھوں مسلمانوں کو قتل کردیا اور ان کی جائیدادیں اور زمینوں پر انڈیا حکومت نے قبضہ کرلیا جیسا کہ حکومت پاکستان پہلے ہی شرنارتھیوں کی زمینوں اور جائیدادوں پر قبضہ کرچکی تھی۔ بین الاقوامی معاہدوں کے تحت انڈیا اور پاکستان میں اس بات پر اتفاق کرلیا گیا تھا کہ یکم مارچ 1947ء سے انڈیا کے مسلمان یا پاکستان میں غیر مسلم ہندو، سکھ کو اس کی جائیداد سے الگ نہیں کیا جائیگا اور انہیں اپنی جائیداد کو چھوڑنے پر مجبور نہیں کیا جائیگا۔ جیسا کہ دوسرے ملک میں متروکہ کی حیثیت سے یہاں تک کہ ایک بالغ کو -/150 روپے سے زیادہ رقم لے جانے کی اجازت نہیں تھی اور چھوٹے بچے کے لئے صرف -/75 روپے کی حد تھی اور اضافی نقد یا سونا بینک میں جمع کروانا ہوگا اور دوسرے ملک میں اس سونے یا نقدی کا تبادل حاصل کرلیا جائیگا۔ ہندو اور دوسرے غیر مسلم شرنارتھی انڈیا میں مہاجرین کی چھوڑی ہوئی متروکہ زمینوں، گھروں اور جائیدادوں پر اچھی طرح آباد ہو گئے لیکن پاکستان میں مہاجرین کو ہمیشہ موجودہ ذرائع پر اضافی

بوجھ سمجھا گیا اور بدقسمتی سے مہاجرین نے اپنے مسائل کی جڑوں کو سمجھنے کے لئے سنجیدگی اور منظم طور سے کام نہیں کیا اور ان مسائل کو حل کرنے کی کوئی تدبیر نہیں کی۔ انڈیا کی صوبائی / ریاست کی اسمبلیوں اور بعد میں انڈین پارلیمنٹ نے متروکہ جائیداد کے بابت بہت زیادہ تعداد میں قوانین / ضابطے بنائے اور انڈیا میں مہاجرین کی چھوڑی ہوئی متروکہ جائیدادوں کے لئے کسٹوڈین کا تقرر کیا۔ انڈیا میں مہاجرین کی متروکہ جائیدادوں کو ہندو، سکھ شرنارتھیوں کے دائر کردہ دعووں کے ضابطوں کے مطابق تمام بے گھر افراد کو یہ جائیدادیں دے دی گئی ایسے افراد DDP کہلاتے تھے۔ اسی طرح ایوا کیوٹرسٹ پراپرٹی (متروکہ جائیداد) کے قوانین وضع کئے گئے۔ یہاں تک کہ وہ ہندو جو مقامی مسلمانوں کو قرض دیا کرتے تھے ان کو بھی اس کے عوض جائیدادیں، نقد رقم، سونا وغیرہ دے دیا گیا جو کہ مہاجرین ڈسپلیس پرسنز (ڈیبٹ ایڈجسمنٹ) ایکٹ 1964ء کے تحت انڈیا میں چھوڑ کر آ گئے تھے۔ مہاجروں کا ایوا کیوٹرسٹ جو کہ انہوں نے انڈیا میں چھوڑا تھا وہ بھی ہندوستانی حکومت نے اپنے قبضے میں لے لیا اور اس طرح تمام DDPS کو جو پاکستان چھوڑ کر گئے ان میں تقسیم کردیا گیا اسی لئے انڈیا میں اس کے خلاف کوئی احتجاج یا تحریک نہیں شروع ہوئی۔ مہاجرین جو انڈیا میں اپنی جائیدادیں چھوڑ کر آ گئے تھے ان کے متعلق کوئی حکومتی پالیسی یا کوئی قانون جس میں مقامی آبادی کے حصے سے متعلق تھا نہیں بنایا گیا۔ آبادکاری کے قوانین کو صرف DDPS کے لئے محدود کردیا گیا۔ مہر چند کھنہ ایک DDP نے بذات خود اور سرحد کے سابق عدالت کے ممبر اور سرحد کے فنانس منسٹر 1937ء سے 1947ء تک مقرر رہے اس کے بعد وزیراعظم جواہر لال نہرو نے انہیں بحالی اور آبادکاری کا وفاقی منسٹر مقرر کردیا۔ تمام قوانین متعلقہ ایوا کیو پراپرٹیز، سیٹلمنٹ، کلیمز اور ضابطے اب تک انڈیا میں نافذ ہیں اور اس وقت انڈیا کی پارلیمنٹ میں ایوا کیو پراپرٹیز ایکٹ میں ترمیم کے لئے ایک بل پیش کیا گیا ہے اور حکومت کی کانگریس پارٹی اور بی جے پی میں اس ترمیم پر گفت و شنید ہو رہی ہے۔ لیکن پاکستان میں پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان کو شہید کردیا گیا صرف اس وجہ سے کہ انہوں نے انٹرنیشنل ٹریٹی (بین الاقوامی معاہدے) کے تحت ایوا کیو پراپرٹیز کو انڈیا کی حکومت کے طریقے پر صرف مہاجرین کو دینے کا اعلان کردیا تھا۔ جب انہوں نے یہ اعلان کیا کہ تمام مہاجرین کے ایوا کیو پراپرٹیز کی 100 فیصد بحالی کے بعد وہ دعویٰ کرنے والے آخری مہاجر ہوں گے۔ جو کہ

ایک حقیقی، مخلص اور ایماندار لیڈر کا نشان تھے۔ کچھ مقامی بدمعاشوں، فراڈی اور دھوکے باز لوگوں کی ہدایت کے مطابق کچھ اخبارات نے یہ بات شائع کردی کہ وزیراعظم لیاقت علی خان نے کلیم لینے سے انکار کر دیا ہے۔ اب یہ دیکھیں کہ کلیم نہ لینے یا سب کے بعد کلیم لینے میں کیا فرق ہے۔ جونہی وہ شہید کر دیئے گئے، پاکستان میں مہاجرین کی بحالی اور آبادکاری کے قوانین وضع کرنے کا عمل روک دیا گیا اور مقامی بااثر، بدکار اور غنڈوں نے متروکہ جائیدادوں پر قبضہ کرنا شروع کردیا اور خاص طور پر اندرون سرحد اور سندھ میں مہاجروں کو ان کی جائیدادوں سے بے دخل کرنا شروع کر دیا۔ متروکہ جائیدادیں جو صرف مہاجروں کی ملکیت تھیں ان پر ناجائز اور بے ایمانی سے قبضہ کر کے پیپلز پارٹی اور اے این پی کی قیادت کی اکثریت وڈیرہ اور خان بن گئی۔ ان دونوں پارٹیوں میں شریف لوگ بھی تھے مگر اکثریت نے متروکہ جائیداد پر ناجائز اور فراڈ کے ذریعہ قبضہ کیا اور معصوم مہاجر متاثرین کے خلاف ان متروکہ جائیدادوں پر زبردستی قبضہ کر کے انہوں نے ناقابل تصور قبیح جرائم کا ارتکاب کیا ہے۔ ذرا تصور کیجئے سندھ کی 70 فیصد زرعی زمین جس کے مالک ہندو تھے اب متروکہ جائیدادیں بن چکی تھیں جن پر صرف مہاجرین کا حق تھا لیکن مہاجر سندھ میں مشکل سے ہی زرعی زمین کا مالک ہے (بحوالہ چیئرپرسن جے سندھ، آئیڈیالوجیکل کمیٹی، ڈاکٹر حمید دھوڑو کی ریسرچ بک: بمبئی سے سندھ کی علیحدگی: دستاویز صفحہ 347، سر شاہ نواز بھٹو اور غلام حسین ہدایت اللہ فرسٹ چیف منسٹر آف سندھ، ماقبل لندن راؤنڈ ٹیبل کانفرنس)۔ اسی انداز میں سرحد کا کیس تھا جہاں کی حکومت میں 28 فیصد سے 30 فیصد ہندو اور سکھ امراء سرحد اسمبلی کے نمائندے تھے وہاں کی شہروں کی قیمتی زمین ان کے قبضے میں تھی۔ شری مہر چاند کھنہ فنانس منسٹر اور رام گردھاری لال سندھ اسمبلی میں 1947ء تک اسپیکر رہے۔ سندھ میں ہندو، سکھ غیر مسلم 45 فیصد تھے۔ شری ہیرانند سندھ اسمبلی کا پہلا چیئرمین تھا۔ شری بھوجا سنگھ 1937ء میں سندھ اسمبلی کا پہلا اسپیکر تھا۔ شریمتی مس سیپائی ٹی چیتھی ملانی سندھ اسمبلی کی پہلی خاتون اسپیکر تھی۔ شری مکھی گوبند رام پہلا سینئر منسٹر تھا جس نے ہوم ڈیپارٹمنٹ، ورکس اور سروس ڈیپارٹمنٹ اپنے پاس رکھا ہوا تھا۔ اس لئے سندھ کیبنٹ میں مسلم سندھی اور غیر مسلم ہندو سندھی کو 50:50 کا تناسب دیا گیا تھا۔ اسی طریقے سے سندھ ہندو شرنارتھی (مہاجرین) کی حیثیت سے انڈیا گئے تھے اور وہ مہاجرین کی زمینوں اور گھروں میں آباد ہو گئے، انہوں نے فیکٹریوں، کاروبار،

دوکانوں، نقد رقم، سونے اور ہر قسم کے اثاثے جو مہاجرین ایوا کیو کلیمز، سیٹلمنٹ، آبادکاری اور ڈیبٹ ایڈجسٹمنٹ کے ایکٹ کے تحت انڈیا میں چھوڑ کر آ گئے تھے، ان پر شرنارتھیوں نے قبضہ کر لیا۔ لیکن یہاں مقامی دھوکے بازوں، فراڈی ٹھگوں نے مہاجرین کو ہراساں کرتے ہوئے فراڈ کے ذریعہ بے ضرر اور ستم رسیدہ مہاجرین کی قانونی حقوق اور جائیدادوں پر قبضہ کر لیا (ایوا کیو رائٹس یا متروکہ حقوق) اور مہاجرین کو پناہ گیر، مکڑ، تلیر، ہندوستانی ہندوستوڑے، جعلی دعویدار وغیرہ وغیرہ قرار دیدیا اور انڈیا میں DDP کی آبادکاری کے بالکل برعکس اور مخالف کام کیا، پاکستان میں کلیمز اور آبادکاری کے قوانین کو بدنیتی اور بغض پر مبنی قوانین انڈیا میں بنائے گئے قوانین کے بہت بعد (1954ء سے 1958ء) میں وضع کئے گئے اور انڈیا سے آئے ہوئے بے گھر افراد کے علاوہ دیگر (مقامی اور غیر متعلق) افراد کی متروکہ جائیداد، گھروں اور زمینوں پر آبادکاری کی گئی (یہ کیسا فطری قوانین، بین الاقوامی معاہدوں کے قوانین، معاملہ فہمی اور مساوی برتاؤ کے خلاف ظالمانہ مذاق تھا)۔ آج کل مہاجرین کا اہم مسئلہ یہ ہے کہ انہیں زمین کا بیٹا تسلیم نہیں کیا جاتا اور دوسری دنیا میں رہنے والا سمجھا جاتا ہے جو ان کے درد اور مسائل کی بنیادی وجوہات ہیں۔ چونکہ مہاجر کسی بھی صوبے میں اکثریت میں نہیں ہیں، اس لئے وہ صوبائی حکومت میں اپنے واجب حقوق حاصل کرنے کی حالت میں نہیں ہیں۔ یہاں تک کہ لوکل گورنمنٹ میں بھی انہیں موثر نمائندگی کی اجازت نہیں ہے اور مہاجرین کو میونسپل کے معاملات میں کردار ادا کرنے سے بھی محروم کر دیا گیا ہے۔ اس صورتحال کی وجہ سے 1947ء سے لیکر آج 2012ء تک مہاجرین میں سے کوئی بھی ایک چیف منسٹر نہیں بن سکا ہے۔ انڈیا اور پاکستان کے مابین انٹرنیشنل ٹریٹیز (بین الاقوامی معاہدہ) کے مطابق مغربی پاکستان میں ہندو، سکھ اور غیر مسلموں کی چھوڑی ہوئی زرعی زمینیں، فارمز، انڈسٹریز، دوکانیں و کاروبار، فرمز، کمپنیاں، کارپوریشنز، ٹرسٹیز، بینک اکاؤنٹ، نقد رقم، زیورات اور دوسری منقولہ اور غیر منقولہ اثاثے پر قانونی طور پر صرف مہاجر مالک ہیں اور اسی نمونے پر مہاجرین انڈیا میں جو متروکہ جائیدادیں چھوڑ کر آئے تھے وہ شرنارتھیوں (غیر مسلم مہاجرین) کو دیدی گئیں اس لئے انڈیا میں شرنارتھی یا مہاجر کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ جبکہ دہلی شرنارتھیوں کی اکثریت کا شہر بن گیا جس کے معنی ہیں ہندو اور سکھ مہاجروں کی اکثریت کا شہر تو شرنارتھیوں (غیر مسلم مہاجرین) کے اثر و رسوخ سے بچانے کے لئے یہ دارالخلافہ کسی اور جگہ

منتقل نہیں کیا گیا لیکن پاکستان میں ایوب خان نے دارالخلافہ کو مہاجرین کے اثرات سے بچانے کے لئے دارالخلافہ اپنی جنم بھومی کے آبائی گاؤں میں منتقل کردیا۔ کسی نے بھی اس نقصان رساں بات کو ٹھیک نہیں کیا۔ شرنارتھیوں کی اکثریت کا شہر دہلی انڈیا کا دارالخلافہ اور بعد میں اسے صوبہ بنادیا گیا اس لئے انڈیا میں شرنارتھی کے کوئی مسائل موجود نہیں ہیں بلکہ اس سے انڈیا مستحکم ہوا ہے۔ قائداعظم نے بھی ایسا ہی کیا، جب 23 جولائی 1948ء میں پاکستان کے عظیم بانی نے اپنے قلم سے کراچی کو فیڈرل کیپٹل ٹیریٹری کی حیثیت سے الگ صوبہ قائم کردیا تھا جو کہ مہاجر اکثریتی صوبہ تھا جس طرح انڈیا میں دہلی کو شرنارتھی اکثریت کا صوبہ بنایا گیا تھا۔ قائداعظم بمبئی سے اور لیاقت علی خان کے دہلی کے حلقوں سے جیتا کرتے تھے، اب سندھی، ہندو شرنارتھی رام جیٹھ مالانی بمبئی سے اور ایل کے ایڈوانی دہلی سے جیتتے ہیں اور قائداعظم اور لیاقت علی خان کے وارثین کراچی اور حیدرآباد سے فتح حاصل کرتے ہیں جہاں سے درگاداس بی ایڈوانی اور پوپٹ لال بھوپت کرم، شری ہیرنند اور مکھی گوبندرام جیتا کرتے تھے۔ پچھلے 95 سے 100 سال 1947ء تک کراچی کا ایک غیر مسلم ہندو میئر ہوا کرتا تھا اور حیدرآباد میں یہ حالت تھی کہ ہیرآباد میں کسی مسلم سندھی کو گھر خریدنے کی اجازت نہیں تھی۔ بہت زیادہ پوش علاقوں اور میئر یا ایم پی اے ہمیشہ ہندو ہوا کرتا تھا۔ جیم خاندان کا تھا ان ہندو سکھ غیر مسلموں نے جب سندھ اور پاکستان سے ہجرت کی تو انڈیا میں 100 فیصد مساوی حیثیت حاصل کی اور انڈیا میں ان کے خلاف کسی بھی طرح کا امتیاز یا مہم نہیں چلائی گئی، لیکن سندھ اور سرحد میں تقریباً تمام متروکہ زرعی زمینیں مہاجروں سے چھین لی گئی ہیں یہاں تک کہ ان کے گاؤں، دیہات، ٹاؤنز اور شہر جیسے شکارپور، لاڑکانہ، جیکب آباد، دادو، کوٹڑی، ٹھٹھہ (تمام متروکہ شہر ہیں جن کے مالک صرف مہاجر ہیں)، سندھ میں 24 شہر متروکہ شہر ہیں بحوالہ ڈاکٹر حمیدہ کھوڑو کی ریسرچ بک: بمبئی سے سندھ کی علیحدگی: پریزیڈینسی دستاویز صفحہ 151-152) جو مہاجرین سے چھین لئے گئے ہیں۔ ان کی تجارت اور کاروبار ایک طریقے سے یا دوسرے طریقوں سے چھین لئے گئے (قومیت میں لینے سے پرائیوٹ کرنے تک) یہ ایک لوٹنے اور زبردستی چھیننے کی کہانی ہے۔ یہاں تک کہ تقسیم سے پہلے جن لوگوں نے نسل در نسل اپنی شب و روز محنت اور جدوجہد سے بزنس ایمپائر قائم کئے تھے ZAB کے ذریعہ صنعتوں اور کاروبار کے قومیانے کے عمل سے ایک ہی لمحے میں قلاش ہو چکے تھے اور

پرائیویٹائز کے نام پر ان کی آنکھوں کے سامنے ان کی جائیدادوں کو نیلام کردیا گیا اور بے نظیر اور نواز شریف نے ان صنعتوں کو اپنے رشتے داروں کو دیدیا۔ جبکہ نواز شریف اور اس کی فیملی نے جنرل ضیاءالحق سے اپنا اتفاق گروپ آف انڈسٹریز واپس لے لیا تھا لیکن حبیب بینک سے لیکر MCB، مہاجر صنعتکاروں کی صنعتیں کمپنیز، کاروبار کبھی بھی واپس نہیں کئے گئے۔ جنرل ضیاءالحق مہاجروں کے حقوق، Optees (یعنی: وہ لوگ جو انڈین ملٹری میں کام کرتے تھے اور 1947ء کے بعد پاکستان ملٹری کا اختیار کرلیا تھا) اور ری فیوجی ڈیفنس آفیسرز کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی (O & RDOCHS) پر جنرل ضیاءالحق نے زبردستی قبضہ کرلیا اور DHA میں تبدیل کردیا اور O & RDOCHS کے حقیقی مالک و بانی کو جیل میں ڈال گیا۔ یہاں تک کہ مہاجرین کے تعلیمی ادارے بھی چھین لئے گئے۔ زرعی زمینیں، صنعتیں، کامرس، کاروبار، بینکس کمپنیز، انشورنس کمپنیاں، ملز، فیکٹریز، تعلیمی ادارے، چھیننے کے بعد مہاجروں کے لئے پرائیوٹ ملازمتوں کے دروازے بند کر دیئے گئے۔ سرکاری نوکریاں پر سرکاری سطح پر پابندی لگا دی گئی۔ اخباروں میں اشتہار شائع ہوتا ہے کہ کراچی، حیدرآباد، سکھر، میرپورخاص کے لوگ اس کے لئے درخواست نہ دیں۔ میڈیکل اور انجینئرنگ کے پیشہ ور اداروں کو اس طرز پر بنایا گیا کہ سندھ کے بڑے بڑے اداروں میں مشکل سے دو چار ہی انجینئر ملیں گے۔ مہران انجینئرنگ یونیورسٹی میں ایک منفرد اور مضحکہ خیز شہری اور دیہاتی کی وضاحت کا فارمولا رکھا گیا ہے جو کہ دیگر تاویلوں اور وضاحتوں سے مختلف ہے۔ نتیجے کے طور پر ایک A-1 گریڈ کا حامل مہاجر کو داخلے دینے سے مسترد کردیا جاتا ہے اور ایک کم گریڈ کو اسی کالج میں، اسی کلاس میں، اسی روم میں اسی بینچ میں گرمجوشی کے ساتھ استقبال کیا جاتا ہے اور انجینئرنگ یونیورسٹی میں داخلہ دیدیا جاتا ہے۔ امتحانات میں کامیاب ہونے کے بعد ملازمت کی حالت اور بدتر ہوتی ہے۔ اگرچہ 40 فیصد کوٹہ ان کے لئے مخصوص کیا گیا ہے لیکن انہیں 10 فیصد اور بہت سی جگہوں میں 5 فیصد کوٹہ دینے سے بھی انکار کردیا جاتا ہے۔

لیاقت علی خان کے قتل کے بعد جن کا قصور صرف یہ تھا کہ انہوں نے پاکستان میں مہاجرین کے حقوق کی بات کی تھی یعنی متروکہ جائیداد جس کو تمام حکمران مہاجرین کے آئینی حقوق سے محروم کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ یہاں تک کہ پرویز مشرف بھی طاقتور لابی کے آلہ کار بنے رہے انہوں نے یہ بھی نہ سوچا کہ وہ پاکستان کا

دارالخلافہ کراچی واپس لے آتے یا مہاجرین کے حقوق پر آواز اٹھاتے ۔شہری سندھ یا متروکہ سندھ یا جنوبی سندھ، پولیس ،عدالتی نظام ،مقدمات کی سماعت ،انکم ٹیکس ،صوبائی ،ڈویژنل ،ڈسٹرکٹ ،سب ڈویژن ،ریوینیو اور میونسپل ایڈمنسٹریشن ،انجینئرنگ سروسز، کسٹمز ،ایف آئی اے ،سی آئی اے ،اے ایس ایف ،کوسٹ گارڈز، رینجرز، اے این ایف ،نیب ،پیمرا ،نیپرا ، کے پی ٹی ،پی کیو، کے ای ایس سی، کے ڈی اے ،واپڈا ،ریلوے، پی آئی اے ،اسٹیل ملز ،سندھ سیکریٹریٹ ،پاکستان سیکریٹریٹ ،اسٹیٹ بینک آف پاکستان ،بینکس اور بہت سے دوسرے اداروں میں غیر رہائشی افراد کو بہت سی ملازمتیں دے دی جاتی ہیں اور مقامی طور پر رہائشی مہاجرین کو محروم رکھا جاتا ہے ۔یہاں تک کہ خالصتاً مہاجر کے علاقوں میں جیسے شہری سندھ (کراچی، حیدرآباد) میں حالت بہت تکلیف دہ ہے ۔زرعی شعبہ جو کہ 70 فیصد پاکستانیوں کو خوراک مہیا کرتا ہے، مہاجر کے لئے مکمل طور پر محدود اور عملی طور پر مہاجرین کی معیشت کے لئے ممنوعہ علاقہ ہے ۔اگرچہ صوبہ سندھ کی 70 فیصد زرعی زمین شرنارتھیوں کی ملکیت تھی جو فطری قانون کے مطابق انڈیا میں ہجرت کر گئے، اس قانون کا تبادلہ اور انٹرنیشنل ٹریٹیز (بین الاقوامی معاہدہ) اور دیگر معاہدوں پر انڈیا اور پاکستان کے درمیان 1948ء اور 1950ء میں دستخط ہوئے تھے، اس کے ساتھ ہی انڈیا اور پاکستان کی اسمبلیوں نے متوازی طور پر قوانین وضع کئے تھے اور اس کے بعد انڈیا اور پاکستان کی پارلیمنٹ نے ایڈمنسٹریشن آف ایوا کیو پراپرٹیز ایکٹ، ایڈمنسٹریشن آف ایوا کیوڑسٹ پراپرٹیز ایکٹ جیسے قوانین بنائے تھے، 70 فیصد زرعی زمین جو کہ خاص طور پر مہاجرین کی ملکیت تھی لیکن انہیں مکمل طور پر اپنی زمین سے محروم کر دیا گیا ۔شہری سندھ مکمل طور پر ہندو کا سندھ تھا، 24 شہروں، ٹاؤنز جس میں کراچی اور حیدرآباد شامل ہے ہندو/غیر مسلموں کی ملکیت تھے جو کہ ہندوستان ہجرت کر گئے اور جہاں شرنارتھیوں یا پاکستان سے آنے والے بے گھر افراد (DPP) کہلائے ۔انہیں ہر شہر، ٹاؤن، دیہات، زمین، فیکٹری، بینک اکاؤنٹس، دوکان، جو کہ انڈیا میں مہاجرین چھوڑ کے آئے تھے ان کو مل گئی ۔کراچی سے دارالخلافہ اسلام آباد لے جایا گیا تاکہ مہاجرین کے ناپاک سائے سے محفوظ رہے ۔لیکن انڈیا میں دارالخلافہ دہلی میں موجود رہا جبکہ وہاں کی حیثیت شرنارتھیوں یا DDP کی وجہ سے تبدیل ہو گئی تھی ۔آج کل دہلی شرنارتھیوں کی اکثریت کا صوبہ ہے ۔ایوا کیو لاز (متروکہ جائیداد کے قوانین) اور آبادکاری قوانین اب تک انڈیا میں موجود

ہیں لیکن پاکستان میں 1972ء میں ایسے تمام قوانین ختم کر دیئے گئے یہاں تک کہ محمد میاں سومرو کی گورنمنٹ نے ایک آرڈیننس پاس کر کے سندھ میں تمام ایوا کیو (متروکہ جائیداد) کے آفس کی برانچیں بند کروا دیں اور تمام لین دین روک دیا گیا ۔کیا یہ انصاف ہے؟ لیاقت علی خان سے ایک عام مہاجر تک بعض جانبدار جاگیردار طبقے کی یہ پالیسی رہی ہے کہ مہاجرین کو ظالمانہ طور سے قتل کر دو ۔صرف مہاجرین کو اپنی حفاظت کرنے کے حقوق کے لئے عام لائسنس دینے سے محروم رکھا گیا ہے جبکہ حملہ کرنے والوں کو نہ صرف اس کے رکھنے، لے جانے اور مہاجرین کو قتل کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے بلکہ بلا لائسنس اسلحہ بنانے کی فیکٹریوں کو قائم کرنے کی بھی اجازت ہے۔

سوال نمبر 2: مہاجر پاکستان کیوں آئے؟

جواب: آل انڈیا مسلم لیگ نے جب پاکستان کی مہم چلائی ،تو یہ تشدد میں تبدیل ہو گئی اور ہندو سکھ ایک طرف اور مسلم دوسری طرف ہو کر ایک دوسرے کو قتل، لوٹ مار اور قزاقی شروع کر دی اور اس تصادم کی وجہ سے ہندو، سکھ اور دوسرے غیر مسلم انڈیا چلے گئے اور ان کے مساوی مسلمان پاکستان آ گئے ،تقریباً 7 ملین انڈیا چلے گئے اور 7 ملین پاکستان آ گئے ۔سرحد ہندو اور سکھوں سے بالکل صاف ہو گیا اور بنیادی طور پر جب وہ دہلی پہنچے تو انہوں نے پورے برصغیر میں نہ ختم ہونے والی آگ پھیلا دی ۔

سوال نمبر 3: 1947ء میں پاکستان سے انڈیا ہجرت کرنے والے غیر مسلموں کو کیا نام دیا گیا؟

جواب: انڈیا میں انہیں شرنارتھی کہا جاتا تھا جیسا کہ ہندی میں اس کے معنی مہاجر کے ہیں ۔

سوال نمبر 4: اس بات کا کیا ثبوت ہے کہ لاکھوں شرنارتھیوں نے انڈیا کی طرف نقل مکانی کی؟

جواب: 1937ء سے لیکر 1947ء تک 45 فیصد ایم پی اے سندھ اسمبلی میں تھے ۔ 60 میں سے یہ 26 تھے ۔ 1947ء تک غیر مسلموں کی 45 فیصد کی نمائندگی کے بجائے سندھ اسمبلی میں ایم کیو ایم کی صرف 30 فیصد نمائندگی ہے جس میں ہندو، مقامی مسلم جیسے پنجابی، سندھی، بلوچی، پشتون وغیرہ اور بہت چالاکی کے

ساتھ بدنیتی اور عداوت کی وجہ سے یہ الزام دیا جاتا ہے کہ مقامی سندھیوں کو اقلیت میں تبدیل کیا جارہا ہے۔ سندھ اسمبلی میں 1947ء تک ان کی نمائندگی 55 فیصد تھی، 55 فیصد میں توسیع ہونے کے بعد ان کی نمائندگی 70 فیصد ہوگئی ہے پھر بھی یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ وہ اقلیت میں تبدیل ہوگئے ہیں۔ اس فراڈ، دھوکا اور مکاری پر کیا کہا جاسکتا ہے؟ پنجاب میں آدھی آبادی مہاجروں پر مشتمل ہے، جبکہ جائیدادوں، گھروں، زمینوں اور خاص طور سے زرعی زمینوں سے مہاجرین کو محروم نہیں کیا گیا، یہاں تک کہ اگر اسے دور دراز علاقوں میں بھی چند ایکڑ زمین ملی ہے تو وہ وہیں آباد ہیں اور اس کی زمین زبردستی نہیں چھینی گئی ہے۔ اس لئے وہ نہ صرف وہاں ضم ہو گئے بلکہ وہ پنجاب میں عزت کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں جبکہ پنجابیوں کی کافی بڑی تعداد نے بھی ہجرت کی، روحانی اذیت سے گزر رہے ہیں۔ جبکہ سندھیوں نے ہجرت کے درد کو نہیں چکھا ہے لیکن تمام سندھی تو نہیں مگر ان کے درمیان متعصب، شریر اور مخالف افراد نے ہجرت کو منفی طریقے سے لیا ہے۔ باہمی اور براہ راست آبادی کی تبدیلی ایک ظالمانہ مذاق ہے اور مہم ایک تحریک کی حکمت عملی کے تحت عداوت کی بناء پر وہ مہاجروں کی زمینیں، جائیدادیں، کاروبار، ملازمتوں پر قبضہ کررہے ہیں۔ یہ خراب صورتحال سندھ اور سرحد میں مقامی ٹھگوں اور سرداروں نے پیدا کی ہے تاکہ وہ مہاجرین کی جائیدادیں اور زمینیں ہڑپ کرجائیں۔ انہوں نے بدکار تحریکیں بنوائی ہیں اور مقامی زبانوں میں سفید جھوٹ پھیلا رہے ہیں، ان سفید جھوٹوں کا کبھی بھی مہاجرین نے جواب نہیں دیا اور مقامی آبادی میں 100 فیصد یہ شعور اجاگر ہورہا ہے جوکہ یہ ٹھگ اور فراڈی لوگ چاہتے ہیں۔ سندھ میں یہ فراڈی ٹھگ مہاجروں کی 99 فیصد زمینوں پر قبضہ کرکے ہڑپ کرچکے ہیں۔ 24 متروکہ شہروں میں سے 20 شہر مہاجروں سے چھینے جاچکے ہیں اور انہیں 3 یا چار شہروں تک محدود کردیا ہے اور غیر منصفانہ طور پر قانونی ان بقیہ 3 یا چار شہروں پر دعوے کررہے ہیں۔ سرحد اسمبلی میں ہندو سکھ، غیر مسلم 28 فیصد سے 30 فیصد تک نمائندگی رکھتے تھے جبکہ آج کے پی کے کی اسمبلی میں مہاجروں کی مشکل ہی سے کوئی نمائندگی ہے۔ کے پی کے یا سرحد بہت زیادہ متاثرہ علاقہ تھا جہاں 99 فیصد غیر مسلم آبادی کو لوٹ لیا گیا اور انہیں انڈیا جانے پر مجبور کردیا گیا اور سرحد سے ان نقل مکانی کرنے والے شرناتھیوں نے انڈیا کے شہروں میں حملے کروانے میں قیادت کی۔ غیر مسلموں کو ذبح کرنا اور قتل حقیقت میں ایک ایسا سلوک، رویہ، کردار، چال چلن

اور غیر انسانی ظلم تھا جو خاص طور سے سرحد میں کیا گیا۔ اس وجہ سے تمام انڈیا کو جلا ڈالا گیا۔ مغربی پنجاب میں جو کہ اب پاکستان ہے وہاں سکھ اور ہندوؤں کی قابل ذکر آبادی تھی۔ بلوچستان میں اگرچہ کم فیصدی تھی لیکن وہاں سے غیر مسلموں نے انڈیا کو نقل مکانی کی۔

سوال نمبر 5: پاکستان کو مستحکم کرنے کے لئے آپ کی رائے میں مہاجروں کے مسائل کا کیا حل ہے؟

جواب: شرناتھیوں کی بابت انڈین پالیسی کی پیروی کرنا، تمام قوانین جوکہ متروکہ جائیدادوں، بحالی، دعووں، متروکہ ٹرسٹ سے متعلق قوانین انڈیا کی طرح فل اسٹاپ یا کاما کی تبدیلی کے بغیر اس طرح بنائے جائیں اور ان قوانین میں صرف انڈیا کا نام نکال کر پاکستان کا نام دیدیا جائے۔ دارالخلافہ کو کراچی واپس لایا جائے جیسے دہلی اب تک دارالخلافہ ہے اور اس کو دہلی کی طرح صوبہ بنا دیا جائے۔ اس طریقے سے نہ صرف پاکستان مستحکم ہوگا بلکہ انصاف غالب آجائیگا اور 65 سالہ بے انصافی کی لمبی رات ختم ہوجائیگی۔ 1965ء Enemy Act اور 1972ء Abandoned Property Act کی طرح تمام جائیدادوں کو ضبط کرلیا جائے اور وہ ان لوگوں کو دے دی جائیں جوکہ اپنی جائیدادیں کھو چکے تھے بالکل اسی طرح جس طرح انڈیا اور بنگلہ دیش نے 1965ء اور 1971ء میں کیا تھا جبکہ انڈیا اور بنگلہ دیش کی پارلیمنٹ نے 1965ء میں پاکستان سے جانے والے ہندوؤں اور بنگلہ دیش نے 1971ء کی جنگ کے بعد بنگلہ دیش پہنچنے والے بنگالیوں کو دی تھیں۔ ان مطالبات کو پورا کرنے تک 40 فیصد ملازمتیں تمام صوبائی ڈیپارٹمنٹس میں مہاجروں کو دی جائیں۔ مقامی ملازمتیں بھی ان کو دی جائیں۔ جعلی ڈومیسائل اور پی آر سی کراچی سے کسی بھی قیمت پر جاری نہ کئے جائیں۔ پارلیمنٹ کو مہاجروں کے خلاف ہونے والی زیادتیوں کی معافی مانگنی چاہئے اور مہاجروں کے خلاف کسی بھی فوجی کاروائی اختیار نہ کی جائے۔ نہ کوئی ملٹری کورٹس، نہ کوئی ملٹری آپریشن، نہ کوئی سفاکانہ قتل عام، نہ کوئی متعصبانہ اور امتیازی پالیسیاں بنائی جائیں، تمام متروکہ حقوق واپس کئے جائیں، تعلیمی اداروں اور قومیائے گئے اثاثے دوبارہ نہ لئے جائیں۔ مؤثر مقامی گورنمنٹ قائم کی جائے۔ کوئی امتیازی ٹیکس ان پر لاگو نہ کیا جائے۔ مہران انجینئرنگ یونیورسٹی کی مضحکہ خیز اور متعصبانہ پالیسی کو ختم کیا جائے۔ فوری طور پر ایک

مساوی تناسب کا الاؤنس دے کر محرومی کی مدت کی تلافی کی جائے۔ انڈیا اور پاکستان کے درمیان دستخط شدہ انٹرنیشنل ٹریٹیز (بین الاقوامی معاہدے) پر مشتمل قانون بنایا جائے۔ مردم شماری کو صاف اور شفاف بنایا جائے اور ووٹر لسٹ پر تمام اعتراضات کو فوراً دور کیا جائے۔ مردم شماری یو این کی مردم شماری آرگنائزیشن کی نگرانی اور رہنمائی میں کروائی جائے۔ جب بی بی کے قتل کے کیس میں ہم یونیسکو، یونسیف، یو این ڈی پی، یو این ایف پی اے سے مدد حاصل کر تے سکتے ہیں تو انتہائی اہم اور انتہائی حساس مسائل پر ان کی مدد کیوں نہیں حاصل کی جا سکتی ہے جبکہ یہ ایک غیر جانبدار ادارہ ہے۔ ڈیموگرافی پریشر کی وجہ جو لوگ اپنی زمینیں چھوڑ کر چلے گئے تھے ان پر سنگل چائلڈ پالیسی کا نفاذ کیا جائے۔ چائنا اور یو این کی ترجیحی بنیاد پر خدمات حاصل کر کے انسانی زندگی کو تحفظ دیا جائے اور پاکستان اور خاص طور پر خیبر پختونخواہ میں انسانی زندگی کی قیمت میں اضافہ کیا جائے۔ ہر سطح پر یہ حقیقت تسلیم کی جائے کہ سندھ کے مالک سندھی ہیں اور متروکہ سندھ (ایوا کیو سندھ) کے مالک صرف مہاجر ہیں۔

سوال نمبر 6: کیا مہاجر اور شرنارتھیوں میں کوئی درجہ بندی کی گئی؟

جواب: انڈیا میں تمام شرنارتھیوں کو مساوی درجہ دیا گیا لیکن پاکستان میں مہاجروں کو متفقہ علاقہ اور غیر متفقہ علاقہ کی درجہ بندی میں کر دیا گیا۔ دعووں اور معاوضوں کو غیر متفقہ علاقوں سے شدت کے ساتھ نصف سے بھی کم کر دیا گیا۔

سوال نمبر 7: مہاجروں کی درجہ بندی کس نے کی؟

جواب: مارشل لا ریگولیشن 64 کے تحت ایوب خان نے کی ہے۔

سوال نمبر 8: Evacuee, Settlement, Claims Laws (متروکہ جائیداد، آبادکاری، دعووں کے قوانین) کس نے منسوخ کیے؟

جواب: ذوالفقار علی بھٹو نے کیے؟

سوال نمبر 9: کیا مقامی افراد متروکہ جائیداد کے حقدار ہیں؟

جواب: انڈیا میں مطلقاً نہیں تھے لیکن پاکستان میں ہیں اور اس کے پیچھے نااتفاقی کا اصل سبب یہ ہے کہ مقامی اور مہاجر دونوں دعویدار بن گئے ہیں۔

سوال نمبر 10: 1947ء تک غیر مسلموں کی آبادی کا تناسب کیا تھا اور اسمبلی، تجارت، کامرس، انڈسٹری، ملازمتوں اور معیشت میں کتنی نمائندگی تھی؟

جواب: سندھ میں غیر مسلموں کی آبادی کا تناسب 30 فیصد تھا، سندھ اسمبلی میں تقریباً ان کی نمائندگی 45 فیصد تھی۔ تجارت، کامرس اور صنعت 99 فیصد ان کے ہاتھوں میں تھیں۔ 80 فیصد سے زیادہ ملازمتیں ان کے پاس تھیں۔ جج، مجسٹریٹ، ایڈووکیٹ زیادہ تر ہندو تھے۔ معیشت کے سیکٹر نمبر 1 یعنی زراعت کی 70 فیصد زرعی زمینیں ہندوؤں کے پاس تھیں۔ وہاں پر بہت کم مسلمان لینڈ لارڈ تھے، اکثریت کسانوں کی تھی جو دیہی علاقوں تک محدود تھے۔

سوال نمبر 11: کچھ قوم پرست کہتے ہیں کہ ہندو شرنارتھی، بہ نسبت مسلمان مہاجروں کے زیادہ اچھے تھے۔

جواب: اگر وہ یہ سوچتے ہیں کہ یہ صحیح ہے تو ان کو 70 فیصد زراعتی زمین، 24 شہر، 99 فیصد کاروبار اور تجارت شرنارتھیوں کے حوالے کر دیں اور انڈیا میں شرنارتھیوں سے متروکہ حقوق جس میں شامل ہیں متروکہ شہر جیسے دہلی، آگرہ، بمبئی اور دیگر سینکڑوں شہر، ہزاروں دیہات اور لاکھوں ایکڑ زمین، مکانات، دوکانیں، بینکس، فیکٹریاں، ملز، کمپنیاں، کارپوریشنز اور صوبائی اور وفاقی قانون ساز مجالس میں مساوی نمائندگی مہاجروں کو دلوائی جائے۔

سوال نمبر 12: 1937ء سے 1947ء تک سندھ کابینہ میں غیر مسلموں کی کیا نمائندگی تھی؟

جواب: زیادہ وقت تک 50:50 نمائندگی تھی۔ سندھ اسمبلی میں غیر مسلموں کی نمائندگی 45 فیصد تھی جن کا تعلق انڈین نیشنل کانگریس، ہندو مہا سبھا سے تھا اور سندھ اسمبلی کا پہلا چیئرمین شری ہیرانند تھا، پہلا اسپیکر شری

بھوج سنگھ تھا۔ کیبنٹ میں پہلا مسلمان چیف منسٹر جی ایچ ہدایت اللہ تھا، پہلا سینئر وزیر/ ڈپٹی چیف منسٹر یا ہوم منسٹر اور پی ڈبلیو ڈی منسٹر مکھی گوبند رام تھا۔ 1938ء میں دوسری کابینہ بنائی گئی تھی جس میں مع منسٹر کے 4 وزیر تھے۔ ان میں چیف منسٹر خان بہادر اللہ بخش سومرو تھے، نکل داس وزیرانی، پی ڈبلیو ڈی کے وزیر تھے، چیتومل وزیرانی پبلک ہیلتھ اور میڈیکل کے وزیر تھے اور اللہ بخش سومرو ریونیو کے وزیر تھے۔

سوال نمبر 13: یہ الزام لگایا جاتا ہے کہ سندھ کے اندر ہندوؤں اور مسلمانوں میں مکمل اتفاق تھا اور مہاجروں کے آنے کے بعد مذہبی امتیاز شروع ہوگیا، یہ کہاں تک درست ہے؟

جواب: یہ بالکل غلط ہے سندھ انڈیا کے بہت سے حصوں کی طرح مذہبی امتیاز سے متاثر تھا۔ 1932ء میں حیدرآباد کے نا تھورام نے نبی پاک ﷺ کے خلاف ایک کتاب لکھی تھی جسے عبدالقیوم نے کورٹ روم میں جج اور ایڈووکیٹ کے سامنے مار دیا تھا۔ یکم اکتوبر 1939ء کو منزل مسجد گاہ سکھر کے مسئلے پر ستیا گرہ شروع ہوئی۔ ان دنوں میں قتل کی واردات مشکل ہی سننے میں آتی تھی، صرف 3 دن کے اندر 161 سندھی ہندوؤں کو مسلمان سندھیوں نے مار دیا۔ مسلمان سندھیوں نے 58 ہندو سندھیوں کو زخمی کر دیا تھا، ہندو سندھیوں نے درجنوں مسلمان سندھیوں کو مار دیا، 164 مکانات جلائے گئے، 467 گھروں کو لوٹ لیا گیا۔ جسٹس واٹسن کمیشن نے انکوائری کی اور یہ الزام لگایا کہ سندھ مسلم لیگ کا اس میں ہاتھ تھا۔ ہندو مسلمانوں کے درمیان میں تقسیم اور بہت سارے خونی واقعات ہوتے رہتے تھے۔

سوال نمبر 14: جب سندھ اسمبلی میں غیر مسلم ہندوؤں کی 45 فیصد نمائندگی تھی اور مسلمان سندھیوں کی 55 فیصد تھی، اس تقسیم کی بناء پر 1947ء سے پہلے کیا سندھ 2 برادریوں کی اصطلاح رائج تھی؟

جواب: 1947ء تک سندھ میں 2 برادریوں کی اصطلاح موجود تھی۔ سائیں جی ایم سید نے سندھی ہندوؤں اور سندھی مسلمانوں کو ہمیشہ ہمسایہ کہا اور اس بات کا اصرار کیا کہ وہ اچھے ہمسایوں کی طرح رہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ سندھی مسلمانوں کے پڑوسی یعنی ہندو سندھی مہاجروں کے گھروں میں آ گئے اور مہاجر سندھی

مسلموں کے سابقہ پڑوسیوں کے گھروں میں آ گئے اور اس طرح سے وہ نئے پڑوسی بن گئے۔ پہلے جھگڑا پرانے پڑوسیوں کے درمیان تھا اور اب نئے پڑوسیوں کے درمیان اختلاف رائے ہے۔

سوال نمبر 15: کیا غیر مسلم سندھیوں نے 1947ء میں پنجاب، بنگال اور آسام کی طرح سندھ کو تقسیم کرنے کا مطالبہ نہیں کیا تھا؟

جواب: ہندو اور غیر مسلم سندھیوں نے نہ صرف پنجاب، بنگال اور آسام کی طرح سندھ کو تقسیم کرنے کا مطالبہ کیا بلکہ 1946ء کے بعد انہوں نے سندھ کابینہ کو چھوڑ دیا تا کہ ان کے سندھ کو تقسیم کرنے کے مطالبے پر وزن پڑے اور سندھ کو مذہبی بنیاد پر تقسیم کرنے کی منظوری دی جائے اور یہ بھی مطالبہ کیا کہ پاکستان کو شمالی مسلم سندھ صوبہ دیدیا جائے اور جنوبی ہندو سندھ صوبہ انڈیا کو دیدیا جائے۔

سوال نمبر 16: سندھ پاکستان اور انڈیا میں تقسیم کیوں نہیں ہوا؟

جواب: اس کے 2 اہم سبب ہیں۔ پہلا یہ کہ جب برطانیہ نے سندھی ہندوؤں اور دوسرے غیر مسلموں کے مطالبے پر سندھ کو انڈیا اور پاکستان میں تقسیم کرنے کا نوٹس قائداعظم کو دیا تو انہوں نے جواب دیا کہ اگر سندھ ہندوستان کو اس لئے دیا گیا کہ وہاں 1.5 ملین ہندو ہیں تو مسلمانوں کی اقلیتی صوبوں میں جو 45 ملین مسلم کے لئے برطانوی حکمران ان کو کون سی زمین دے رہے ہیں؟ دوسرے یہ کہ تمام میونسپل ایریاز جس میں کراچی، حیدرآباد، سکھر، نواب شاہ، ڈہرکی، گھوٹکی، شہدادکوٹ، لاڑکانہ، جیکب آباد (تمام 24 شہروں اور ٹاؤنز میں) ہندو اور غیر مسلموں کی اکثریت ہے۔ جغرافیائی اعتبار سے یہ پورے صوبے میں پھیلے ہوئے ہیں۔ جبکہ ان میں تمام زرعی زمین کا 70 فیصد حصہ بنتا ہے اور 90 فیصد حصے کاروبار اور ملازمتوں میں ہے اس لئے اس میں سے زمین کے ایک ٹکڑے کو نکالنا بہت مشکل ہے۔ وہ بہت زیادہ پریشان ہوئے۔ اگر مہاجروں کی طرح انہیں اندرون سندھ کے 20 شہروں سے نکال دیا جاتا، اگر انہیں مہاجروں کی طرح 70 فیصد زرعی زمین سے محروم کر دیا جاتا اور اگر انہیں زبردستی 2 یا ایک شہر میں ٹھہرا دیا جاتا۔ سندھ یقینی طور پر ہندو اور مسلمانوں کے درمیان تقسیم کر کے پاکستان یا ہندوستان میں دے دیا جاتا۔ بالکل اس طرح جیسے مشرقی پنجابی مسلمانوں نے مغربی پنجاب میں ہجرت کی، سندھی مسلمانوں کو مہاجرین کا شکرگزار ہونا چاہئے کہ اقلیتی مہاجروں کا جنوبی صوبہ بنا دیا جاتا،

مسلم سندھی بہت آسانی سے بغیر کسی پابندی کے اس میں پہنچ سکتے اور پنجابی مسلمان کو اپنے آباؤ اجداد کے گھروں کو جانے میں کوئی مشکل پیش آتی ہے کہ وہ اپنے گھروں میں جانے کے لئے دہلی سے ویزا حاصل کرتے ہیں۔ سندھی مسلمانوں کو جنوبی سندھ جانے کے لئے ایسے ہی دہلی ویزے کی ضرورت پڑتی، مہاجروں کے سندھ میں آنے سے سندھی مسلم اس تکلیف سے محفوظ ہو گئے ہیں۔

سوال نمبر 17: کیا قائداعظم نے انتظامی طور پر سندھ صوبے کو تقسیم کیا تھا؟

جواب: اگرچہ قائداعظم نے سندھ کو انڈیا اور پاکستان کے درمیان تقسیم کرنے کی اجازت نہیں دی تھی لیکن پاکستان کی فیڈریشن کے تحت قائداعظم نے 23 جولائی 1948ء میں سندھ کو تقسیم کر دیا تھا جبکہ ان کے اپنے آرڈر کے تحت وفاق کی حدود کا دارالخلافہ الگ سے بنا دیا گیا، یہ فیڈرل کیپٹل ٹیراٹری آف کراچی، کراچی، ٹھٹھہ اور لسبیلہ پر مشتمل تھا جسے تمام صوبائی حکومت کے اختیارات حاصل تھے اور چیف کمشنر یا ایڈمنسٹریٹر یا کمشنر کراچی کو عطا کر دیئے جاتے۔ یہ FCT کے صوبائی علاقہ مہاجرا کثریتی صوبے کا علاقہ تھا۔

سوال نمبر 18: کیا 1947ء تک کوئی دوسرا صوبائی حیثیت کا علاقہ تھا؟

جواب: ہاں 1947ء میں سندھ میں 2 چیف منسٹرز اور 2 اسمبلیاں تھیں اور 1947ء کے بعد ایک خیرپور اسٹیٹ اسمبلی تھی اور خیرپور کا چیف منسٹر تھا اور دوسری سندھ اسمبلی تھی اور چیف منسٹر آف سندھ تھا، اور 23 جولائی 1948ء سے تیسرا صوبائی ایریا FCT آف کراچی تھا۔

سوال نمبر 19: جب موجودہ سندھ کی جغرافیہ معرض وجود میں آیا تو موجودہ جغرافیہ کا بانی کون تھا؟

جواب: انسانیت کی تاریخ میں سندھ صوبائی کی جغرافیائی ہیئت کی پہلی اسمبلی 02 مئی 1972ء میں بنائی گئی۔ جنرل آغا خان محمد یحییٰ موجودہ سندھ صوبے کی جغرافیائی خصوصیات کے بانی تھے اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے فیڈرل کیپٹل ٹریٹری آف کراچی اور خیرپور اسٹیٹ (دونوں کی جغرافیائی حیثیت الگ تھی) بقیہ سندھ کے ساتھ (تیسرا صوبائی خصوصیات کا حامل) یحییٰ نے موجودہ سندھ صوبے کی بنیاد ڈالی۔ یحییٰ نہ صرف بنگلہ دیش بنانے کا ذمہ دار تھا بلکہ وہ موجودہ سندھ صوبہ بنانے کا بھی ذمہ دار ہے۔ سندھ کے موجودہ

جغرافیائی صوبے کی اسمبلی کا پہلا سیشن 02 مئی 1972ء کو منعقد ہوا، ایک ہی ہفتے میں 08 مئی 1972ء کو بھٹو حکومت کی طرف سے مہاجرین کا قتل عام شروع ہو گیا۔ یہ ایک ہفتے کا کام نہیں ہو سکتا یہ ہمیشہ کام نہیں ہو سکتا اور اس دن سے اب تک یہ تصادم چل رہا ہے۔ یہ اس وقت تک چلتا رہے گا جب تک کہ ایک معاملہ فہم اور منصفانہ حل نہیں بنایا جاتا۔

سوال نمبر 20: سندھی قوم پرست کہتے ہیں کہ سندھی سندھ کے مالک ہیں پھر کس طرح کوئی اس زمین پر دوسرا صوبہ بنا سکتا ہے؟

جواب: یہ بالکل صحیح ہے کہ سندھی سندھ کے مالک ہیں لیکن یہ اس سے بھی زیادہ صحیح ہے کہ مہاجرین بھی متروکہ ایوا کیو سندھ کے مالک ہیں۔ (سندھ کو ہندو، سکھ اور غیر مسلم شہر اتھی چھوڑ کر گئے ہیں۔) سابقہ متروکہ سندھ کے قانونی مالک متروکہ ہند کے مالک ہیں اور متروکہ ہند سابقہ مالکان متروکہ سندھ کے مالکان ہیں۔

سوال نمبر 21: اس نظریہ کا اطلاق مشرقی پاکستان (اب بنگلہ دیش) میں کیوں نہیں کیا گیا؟

جواب: آبادی کی تبدیلی کے ساتھ منقولہ جائیداد اور دوسرے حقوق کے بین الاقوامی معاہدہ پر پاکستان اور انڈیا نے دستخط کئے اور 1947ء کے بعد برصغیر پاکستان اور ہندوستان کے درمیان تقسیم ہوا، اور مشرقی بنگال/ مشرقی پاکستان مغربی بنگال اس معاہدے میں شامل نہیں تھے۔ بنگال، آسام اور تریپورا کے لوگوں کو اپنی جائیدادوں کو لے جانے کی اجازت تھی جبکہ مغربی پاکستان میں اور راجستھان، یوپی، سی پی اور دور دراز تمام ہندوستان کے علاقوں (سوائے بنگال، آسام اور تریپورا) کو یکم مارچ 1947ء سے اپنی جائیدادوں کو ساتھ لے جانے کی اجازت نہیں تھی۔ انہیں دونوں ممالک نے مجبور کیا کہ وہ اپنی جائیدادوں کو چھوڑ دیں اور اس کا متبادل دوسرے ملک میں حاصل کر لیں۔

سوال نمبر 22: آپ کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ کراچی 1947ء تک غیر مسلم ہندو شہر تھا؟

جواب: ہاں 14 دسمبر (آہ 14 دسمبر -- علی گڑھ، قبضہ قتل عام) 1895ء کراچی میونسپلٹی کی بنیاد گورنر بمبئی

سندھ ہرسٹ GCIE نے ڈالی اس وقت لوکل میئر آف کراچی یہ تھے:

پہلا کراچی کا لوکل میئر اودھارام مول چند ایک غیر مسلم/ہندو تھا ۔ دوسرا کراچی کا لوکل میئر 1896ء سے 1905ء (10 سال تک) تا ہل چاند کھیم ایک غیر مسلم/ہندو تھا ۔ تیسرا کراچی کا لوکل میئر ہرچند رائے وشنداس ایک غیر مسلم/ہندو تھا ۔ دیگر غیر مسلم/ہندو میئر زجمشید نسروانجی، ٹیکم داس وادھول، کے بی آر دشیرا ایچ ایم ماما، شمبوناتھ مولراج، وشرم داس دیوان داس ۔ 1947ء تک 96 فیصد مدت تک کراچی کے لوکل میئر غیر مسلم تھے، بالکل اسی طرح دہلی، کلکتہ، بمبئی، مدراس اور ہندوستان کے دیگر شہروں کے میئر مسلمان تھے جنہوں نے اپنے شہر ہندوستان میں چھوڑ دیئے اور ہندو غیر مسلموں نے کراچی، حیدرآباد اور دوسرے درجنوں شہروں کو چھوڑ دیا اور ہر ایک نے متبادل کے طور پر رہائش، زمینیں، دوکانیں وغیرہ حاصل کرلیں ۔

سوال نمبر 23: جب مہاجرین شہری سندھ کے قانونی مالک ہیں تو وہ اس طرح کیوں نہیں پہچانے جاتے؟

جواب: اس کا اصل سبب یہ ہے کہ وہ بذات خود یہ اہم حقیقت کو نہیں جانتے ۔ وہ نہیں سمجھتے کہ ان پر بغیر کسی رحم کہ کسی بھی طرف سے حملہ کیوں کیا جاتا ہے کیونکہ وہ صرف اور صرف یہ سمجھتے ہیں کہ جس طرح دوسرے اس زمین پر رہائش پذیر ہیں سماجی طور پر انہیں پردیسی سمجھا جاتا ہے جو کسی دوسرے سیارے سے آئے ہیں ۔ یہی سبب ہے کہ لیاقت علی خان کو ایک پردیسی کی حیثیت سے ماردیا گیا اور کوئی بھی گرفتار نہیں ہوا ۔ قتل کے چوتھے دن ان کی بیوہ کو بیرون ملک سفیر کی حیثیت سے بھیج دیا گیا ۔ اس کے فوری بعد انڈیا کے مسلمانوں کو جو اس ملک کے بانی تھے ان کو ان کے اپنے بنائے ہوئے وطن پاکستان میں داخل ہونے پر پابندی لگادی ۔ متروکہ حقوق غصب کرلئے گئے ۔ انڈین ایوا کیولاز (متروکہ قوانین) اور فطری انصاف کے برعکس، مقامی افراد کو متروکہ جائیدادوں حاصل کرنے کی اجازت دے دی گئی ۔ مہاجر جنہوں نے پاکستان بنایا تھا ان کی A & B کی درجہ بندی کی گئی، اس کے برعکس ہندو، سکھ شرنارتھیوں کو اپنے جیسا سمجھا گیا اور ہندو، سکھ شرنارتھیوں غیر مسلموں کی کوئی درجہ بندی اور ان کے درمیان کوئی امتیاز نہیں برتا گیا ۔ سرحد جواب خیبر پختونخواہ ہے نے تمام متروکہ جائیدادیں ہڑپ کرلیں ۔ 1947ء سے وہ نظم وضبط کے ساتھ قتل کئے جارہے ہیں اور سرحد اسمبلی میں

28 فیصد متروکہ نمائندگی کرنے والوں کو باہر نکال دیا گیا اب ان کی نمائندگی صفر ہے ۔ سندھ میں 70 فیصد متروکہ جائیدادیں تھیں، لیکن بہت سی زمین سے انہیں محروم کردیا گیا ۔ 24 شہروں میں سے انہیں صرف 3 یا چار شہروں میں مرکوز کردیا گیا ہے ۔ انہیں دیہی اور شہری علاقوں میں بڑے نظم وضبط کے ساتھ قتل کیا جارہا ہے اوران کی زمینیں اور گھر چھینے جارہے ہیں ۔ 26 جنوری 1964ء کو کراچی میں مہاجروں کا قتل عام کیا گیا ۔ 08 مئی سے 12 مئی 1972ء تک انہیں اس وقت کے نئے بنائے گئے صوبے میں قتل کیا گیا ۔ ان کی زمین کو زبردستی چھین کر قبضہ کرلیا گیا، ان کے گھر چھین لئے گئے اور زبردستی قبضہ کیا، ان کی تجارت، معیشت، کمپنیاں، یہاں تک کہ تعلیمی ادارے جو کہ انہوں نے قائم کئے تھے چھین لئے گئے قومی ملکیت میں لینے کے نام پر چھین لئے گئے ۔ انہیں پیشہ ورانہ تعلیمی اداروں میں داخلوں سے اور سرکاری اور قومیائے گئے بینکس، کمپنیوں، صنعتوں میں ملازمتوں سے محروم کردیا گیا ۔ قابل عزت زندگی گزارنے کے تمام دروازے ان پر بند کردیئے گئے ۔ بہت زیادہ تعداد میں مہاجرین نے پاکستان سے ہجرت کی اور دوسرے ملکوں میں آباد ہوگئے ۔ 31 اکتوبر 1984ء میں سہراب گوٹھ کراچی اور مارکیٹ چوک حیدرآباد میں غیر مسلح اور پرامن جلوس پر یکطرفہ بلا کسی اشتعال کے حملے کیا گیا اور بے شمار مہاجر نوجوانوں کو قتل کردیا گیا ۔ 14 دسمبر 1984ء کو ان کے مقامات علی گڑھ کالونی، بنارس اور قصبہ کالونی پر حملہ کیا گیا ۔ بغیر کسی رحم کے غیر انسانی عمل سے ان کے چھوٹے بچوں کو جلتے ہوئے گھروں میں پھینک دیا گیا ۔ دولہنوں اور دولہوں کو قتل کیا گیا ۔ سینکڑوں معصوم افراد کا قتل عام کیا گیا اور حکومتی مشینری غیر فعال بنی رہی اور ان کی زندگیوں اور جائیدادوں کی حفاظت کرنے سے انکار کردیا ۔ سہراب گوٹھ پر الآصف اسکوائر کے فلیٹس/گھروں پر دھماکوں، اسلحہ اور خون آشام حیوانی افراد نے قبضہ کرلیا ۔ 30 ستمبر 1987ء کو حیدرآباد حملے کی زد میں آیا اور سینکڑوں مہاجروں کا قتل عام کیا گیا ۔ اس کے بعد پورے سندھ میں قتل عام پھیل گیا ۔ اگرچہ پہلی بے نظیر پی پی کی حکومت 1988ء میں اس بنیاد پر قائم ہوئی تھی کہ وہ مہاجروں کا سہارا بنے گی ۔ جلد ہی اسے طاقت حاصل ہوگئی تو اس نے مہاجروں پر حملہ کردیا ۔ دوبارہ 167 وفاقی سیاست دانوں کو پوسٹیں دی گئی مگر ایم کیوایم کو کوئی وزارت کا قلمدان نہیں دیا گیا جبکہ پی پی کے 80 ایم این اے تھے اور ایم کیوایم کے 14 تھے اور اس حصے سے 25 پوسٹیں ملی تھیں ۔ تاریخی اور روایتی 40 فیصد حصہ کوٹہ

برائے شہری سندھ تھا، سندھ گورنمنٹ میں صرف 2 وزارت کے قلمدان دیئے گئے۔ پی پی پی گورنمنٹ نے ہزاروں معصوم مہاجرین کو قتل کر دیا، گرفتار کر لیا گیا اور ہزاروں معصوم مہاجروں کی زندگیاں تباہ کر دی۔ 26 اور 27 مئی 1990ء کو حیدرآباد میں پانی، گیس، بجلی کو کاٹ دیا گیا حکومتی مشینری نے مہاجر عورتوں اور نوجوانوں کو بے رحمی سے قتل کر دیا۔ 22 اگست 1990ء کو کراچی میں انتہائی سفاکانہ طور سے قتل کر دیا گیا جبکہ وہ کیمپوں میں ایم کیو ایم کے لیڈر الطاف حسین کو خوش آمدید کہنے کے لئے بیٹھے تھے۔ معصوم مہاجروں کے جوانوں کی قربانیاں دینے کے بعد آئی جے آئی نواز شریف حکومت میں شامل ہوئے لیکن جیسے ہی اسے استحکام ملا، اس نے ایم کیو ایم میں مال دینا شروع کر دیا اور مہاجروں کے خلاف ملٹری آپریشن کروا دیا۔ نواز شریف اور آصف نواز کی سربراہی میں سندھ کے شہری علاقوں، کراچی، حیدرآباد، سکھر، میرپور خاص، نواب شاہ اور دیگر دوسرے مہاجر شہروں میں آرمی کے ذریعہ حملہ کر دیا گیا۔ ایم این اے، ایم پی اے، سینیٹرز، وزیر تمام کو گرفتار کر لیا گیا، ان کو گولی مارنے کا حکم دیا گیا، پاکستان قومی اسمبلی اور سینیٹ میں پارلیمانی رہنماؤں کے سر کی قیمت مقرر کی گئی۔ آرمی چیف جنرل آصف نواز، جنرل نصیر اختر، جنرل سلیم، بریگیڈیر ہارون، میجر کے کے، جنرل نصیر اللہ بابر فیڈرل انٹیریر منسٹر، عبداللہ شاہ چیف منسٹر نے ہزاروں بے گناہ مہاجروں کو خاص طور سے نوجوانوں کو اغواء کیا اور قتل کروا دیا۔

صوبہ ہی اس کا واحد حل ہے پاکستان میں ہر قومی گروپ کے پاس تقریباً 2 لاکھ مربع کلومیٹر زمینیں ہیں۔ پنجابی، سندھی، بلوچی، پشتون، سرائیکی، ہزارہ وال، گلگتی تمام کے پاس تقریباً 1 لاکھ مربع کلومیٹر سے زیادہ زمینیں ہیں اور ایک مہاجر ہے کہ ملک کی 8 لاکھ کلو مربع میٹر میں سے اس کے پاس 1 کلومیٹر زمین بھی نہیں ہے۔ مہاجروں کو زمین میں سے ان کا قانونی حصہ دیا جائے جس طرح انڈیا میں شرنارتھیوں کا اس کا متبادل دیا گیا۔ جبکہ دہلی کا صوبہ شرنارتھیوں کا اکثریتی صوبہ ہے تو کراچی دارالخلافہ اور صوبہ کیوں نہیں بن سکتا۔

پارلیمنٹ میں کوئی بھی پارٹی سادہ سی اکثریت کی حامل نہیں ہے۔ پارلیمنٹ میں چھوٹی پارٹیوں کے ساتھ مل کر ایک مستحکم اتحاد قائم کیا جا سکتا ہے تا کہ جمہوریت طاقتور ہو جائے۔ پارلیمنٹ میں تمام پارٹیوں کو ان کی تعداد کے مطابق مساوی نمائندگی ضروری ہے۔

یہ چھوٹی پارٹیوں کی نااہلی ہے یا پی پی پی کی فراست کے صرف 29 فیصد مینڈیٹ رکھتے ہوئے پی پی پی گورنمنٹ نے حساس شعبوں میں 100 فیصد اپنے پاس رکھے ہوئے ہے (جس میں ملٹری، نیول، ہیرا ملٹری، سول آرمڈ فورسز، پی آئی اے، عدالت، انٹیلی جنس، ایجنسیوں، فنانس، صدارت، وزیر اعظم، نیشنل اسمبلی کی اسپیکر شپ، سینیٹ کی چیئرمین شپ، نیشنل اسمبلی کی ڈپٹی اسپیکر سپ، سینیٹ کی ڈپٹی چیئرمین شپ، کیبنٹ کی اہم وزارتیں وغیرہ) اس نے اپنے پاس رکھی ہوئی ہیں۔ پی ایم ایل (ق)، ایم کیو ایم، اے این پی، پی ایم ایل (ف)، جے یو آئی، فاٹا وغیرہ کو بہت کم حصہ دیا گیا جو مرکزی حصہ نہیں ہے۔

یہ بہت ضروری ہے کہ پاکستان میں دنیا کے دوسرے حصوں کی طرز پر جمہوریت قائم کی جائے۔ چھوٹی پارٹیاں درج ذیل نظریے کی بنیاد پر ایک طاقتور اور مستحکم اتحاد بنائیں۔

پارلیمنٹ میں تمام چھوٹی پارٹیوں کو اس بات پر اتفاق کرنا چاہئے کہ تمام چھوٹی پارٹیاں، ایک دوسرے کا ساتھ دیں اور آئندہ الیکشن کے لئے اتحاد بنائیں۔ ان میں سے ہر ایک کو اس بات کی آزادی ہو کہ وہ گورنمنٹ یا حزب اختلاف جس کا چاہیں ساتھ دیں۔ گورنمنٹ کے ساتھ ملنے کا یہ اصول ہونا چاہئے۔

پہلا، انتخاب کا اختیار اور حق سب سے بڑے اتحادی پارٹنر کو دینا چاہئے۔ موجودہ صورتحال میں پی پی پی کو فیڈرل گورنمنٹ میں پہلی پوزیشن حاصل ہے یعنی صدر یا وزیر اعظم کا قلمدان اپنے پاس رکھ سکتی ہے۔

دوسرا، انتخاب کا اختیار اور حق دوسرے سب سے بڑے اتحادی پارٹنر کو دینا چاہئے۔ موجودہ صورتحال میں پی ایم ایل (ق) کو دوسرا اختیار دینا چاہئے، وہ چھوڑی ہوئی پوسٹ میں سے صدارت یا وزیر اعظم یا کوئی دوسرا بڑا قلمدان کا انتخاب کر سکتی ہے۔

تیسرا، انتخاب کا اختیار اور حق تیسرے سب سے بڑے اتحادی پارٹنر کو دینا چاہئے۔ اس وقت ایم کیو ایم فیڈرل گورنمنٹ کی تیسری بڑی پارٹی ہے جسے وزارت کے قلمدان کے انتخاب کا حق ہونا چاہئے۔ اسے قومی اسمبلی کا اسپیکر یا سینیٹ کا چیئرمین یا کوئی دوسری وزارت کا انتخاب کرنے کا اختیار حاصل ہونا چاہیے۔

چوتھا، انتخاب کا اختیار اور حق چوتھے سب سے بڑے اتحادی پارٹنر کو دینا چاہیے۔ موجودہ صورتحال میں اے این پی کو وفاقی گورنمنٹ کا ڈپٹی اسپیکر یا ڈپٹی چیئرمین شپ کا حق ہے۔ نیشنل اسمبلی میں پانچواں انتخاب کا حق

پانچویں بڑی پارٹی کو دینا چاہیے۔

اس کے بعد دوسرے راؤنڈ میں اختیار کا حق اسی طریقے سے دینا چاہیے اور اس کے بعد وفاقی پوسٹوں پر ہونے تک تیسرا، چوتھا، پانچواں اور چھٹا اختیار کا راؤنڈ ہونا چاہیے۔

اگر پہلی بڑی پارٹی اس پر متفق نہ ہو تو یہ فارمولا حزب اختلاف کی سب سے بڑی پارٹی کو پیش کرنا چاہیے۔ اور اگر وہ بھی متفق نہ ہو تو نئے الیکشن کروائے جائیں اور پی پی پی اور پی ایم ایل (ن) کی گورنمنٹ کو گھر بھیج دینا چاہیے۔ تمام چھوٹی پارٹیوں کو الیکشن کے لیے اتحاد بنانا چاہیے تاکہ وہ آئندہ حکومت کے لیے ایک اچھا حصہ حاصل کرسکیں اور وہ ایک صحیح حصہ بغیر کسی رکاوٹ، پریشانی سے حاصل کرسکیں۔ پی پی پی کو تین دن کا وقت دینا چاہیے کہ وہ اتحادیوں کی سیٹیں خالی کردے۔

سندھ صرف سندھیوں کا ہے اور

متروکہ سندھ صرف مہاجروں کا ہے

جس نے سندھ میں رہنا ہے وہ سندھیوں سے اجازت لے اور جس نے متروکہ سندھ میں رہنا ہے وہ مہاجروں سے اجازت لے

متروکہ سندھ کیا ہے

ہندو، سکھوں اور غیر مسلموں کا چھوڑا ہوا یا ترک کیا ہوا سندھ متروکہ سندھ ہے جو 1947ء میں اور اس کے بعد اسی طرح چھوڑ کر پاکستان سے انڈیا چلے گئے جیسے مہاجر انڈیا میں اپنے شہر، گاؤں، گھر، زمینیں، کاروبار، دوکانیں، فیکٹریاں، ملیں، کمپنیاں، بینک اکاؤنٹس، کالجز، یونیورسٹیاں، اسمبلی کی سیٹیں چھوڑ کر پاکستان آگئے اور ہندوستان کی پارلیمنٹ اور حکومت نے مہاجروں کی چھوڑی ہوئی یا ترک کردہ ہندوستان کو سندھی ہندو سکھ اور دیگر غیر مسلم مہاجروں / شرنارتھیوں کا مالک بنانے کے لیے کلیم مانگے اور اس کے لیے بہت سے قانون اور قاعدے بنائے جیسے ایڈمنسٹریشن آف ایوا کیو پراپرٹی ایکٹ آف انڈیا، سیٹلمنٹ آف ڈسپلیس پرسنز فرام پاکستان ایکٹ، سیٹلمینٹ آف ڈسپلیس پرسنز فرام پاکستان ایکٹ (ڈیبٹ ایڈجسٹمنٹ ایکٹ)

ہندوستان کی طرز پر پاکستانی پارلیمنٹ اور پاکستانی حکومت نے متروکہ حقوق کا مالک مہاجروں کو بنانے کے

لیے کئی قانون بنائے مثلاً پاکستان ایڈمنسٹریشن آف ایوا کیو پراپرٹی آرڈیننس، پاکستان ری ہیبلیٹیشن ایکٹ، سیٹلمنٹ آف ڈسپلیس پرسنز فرام انڈیا اور اس طرح کے دوسرے ایکٹس۔

ہندوستان اور پاکستان کے متروکہ قوانین میں صرف ایک فرق ہے: ہندوستان میں مہاجرین کے ترک کردہ متروکہ حقوق زمینیں، مکانات، دوکانیں، باغات، ملز، فیکٹریز، کمپنیز، بینک اکاؤنٹس، کالجز، یونیورسٹیاں، ہسپتالز، جائیدادیں، شہر، گاؤں وغیرہ صرف پاکستان سے گئے شرنارتھیوں کو الاٹ ہو سکتے ہیں لیکن پاکستان کے قوانین میں یہ مہاجروں کے علاوہ مقامی لوگوں کو بھی الاٹ ہو سکتے ہیں۔ انہی قوانین کی آڑ لیکر آج 90 فیصد سے زائد متروکہ حقوق پر غاصب وڈیروں، جاگیرداروں، خانوں نے ناجائز قبضہ کرلیا۔

کراچی، حیدرآباد، میرپور خاص، ٹھٹھہ، کوٹڑی، گھارو، جام شورو، سندھ کے کل 26 شہر یا میونسپل علاقے تھے جہاں غیر مسلم ہندوؤں وغیرہ کی اکثریت تھی۔ شہری سندھ، ہندو سندھ تھا اور اب بھی متروکہ سندھ ہے۔ جس طرح شہری یوپی مسلم یوپی تھا اور اب بھی متروکہ یوپی ہے۔ بمبئی سے قائداعظم جیتتے تھے اور حیدرآباد سے لچپت رائے، اب بمبئی سے سندھی ہندو شرنارتھی رام جیٹھ ملانی جیتتا ہے اور حیدرآباد سندھ سے مہاجر، تو اس میں مقامی آبادی کا کیا نقصان یا احسان ہے۔

دہلی سے لیاقت علی خان شہید جیتتے تھے اور کراچی سے درگا داس بی ایڈوانی، اب دہلی سے درگا داس بی ایڈوانی کے وارث ایل کے ایڈوانی جیتتے ہیں اور کراچی سے لیاقت علی خان شہید کے وارث۔ لیکن انڈیا میں ایڈوانی کو قتل نہیں کیا گیا جبکہ پاکستان میں لیاقت علی خان کو گولیاں مار کر شہید کردیا گیا اور قاتلوں کو انعام و کرام دیا گیا اور تفتیشی آفیسر کو بھی قتل کردیا گیا۔ ہندوستان میں شرنارتھی اکثریت ہو جانے کی بناء پر دہلی سے دارالحکومت شفٹ نہیں کیا گیا جب کہ کراچی سے دارالحکومت صرف اس وجہ سے شفٹ کیا گیا کہ یہاں مہاجر کی اکثریت ہو چکی ہے۔ شرنارتھی اکثریت کا دہلی کب کا علیحدہ صوبہ بھی بن چکا ہے لیکن پاکستان میں کراچی صرف اس لیے صوبہ نہیں بن سکتا کہ وہ مہاجر اکثریت کا صوبہ بن جائے گا۔ حالانکہ پاکستان مسلمانوں کے نام پر بنا اور تمام انڈیا مسلم لیگ نے بنایا لیکن آج یہاں پاکستان کے بنانے والے بانی مسلمانوں کے آنے پر پابندی ہے جبکہ ہندو سندھی پاکستانی آج بھی آہستہ آہستہ بڑے آرام سے انڈیا جارہے ہیں وہاں نا کوئی چیلنج کر رہے ہیں، نا مار

آبادی	: 76,39,000 چھہتر لاکھ انتالیس ہزار افراد۔
قومیت	: 83.9% بلغاری، 9.4% ترک، 4.7% روما اور 2% دیگر قومیں۔
مذاہب	: 83% بلغاری آرتھوڈوکس، 12% مسلمان اور 1% دیگر عیسائی۔
تعلیم کا تناسب	: 98.2% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر	: باکسائیڈ، تانبے، لیڈ، زنک، کوئلہ، لکڑی اور زرخیز زمین۔
برآمدات	: 11.67 ارب ڈالر بینگ، جوتے، لوہا اور اسٹیل مشینری اور آلات اور ایندھن شامل ہے۔
درآمدات	: 1.641 ارب ڈالر جس میں مشینری اور آلات، دھاتیں، کیمیات اور پلاسٹک معدنیات اور خام مال شامل ہیں۔

کاروباری شراکت دار	: بلغاریہ،اٹلی،جرمنی،ترکی،بیلجیئم،گریس،امریکہ،فرانس اورروس۔
قومی زبان	:بلغاروی
نظام حکومت	:پارلیمانی جمہوریہ
آزادی	: ترک عثمانی سلطنت سے
قیام	: 681ء
عثمانی سلطنت	: 1422ء سے 1878ء
خودمختاری	: 3مارچ 1878ء
آزادی	:1908ء
کرنسی	:لیف (BGL)
انسانی ترقی شاریہ	:0.824
خام ملکی پیداوار	:مجموعی 86.73ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس	:11800بین الاقوامی ڈالر

بُرکینا فاسو

بُرکینا فاسو کا دارالحکومت اوگاڈوگو ہے۔یہ ملک تقریباً 105,869 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے اس ملک کی آبادی تقریباً 10,57,6,232 افراد پر مشتمل ہے۔اس ملک میں 13 خطے، 45 صوبے ہیں اس ملک میں فرانسیسی، مقامی افریقی زبانیں بولی جاتی ہیں۔اس ملک میں موسی، گرونسی، سیبقو، لوبی، بوبو، مندے اور فولانی قومیں بستی ہیں جن میں سے 50% مسلمان، 40% مقامی مذاہب، 10% عیسائی زیادہ تر رومن کیتھولک ہیں۔اس ملک میں تعلیم کا تناسب 21% ہے اس ملک میں مینگنیز، چونے کا پتھر، سنگِ مرمر، سونا، فاسفیٹ، پیومس اور نمک کے ذخائر پائے جاتے ہیں۔اس ملک کی برآمدات تقریباً 543.5 million ملین ڈالر ہیں جن میں کپاس، مویشی اور سونا سرفہرست ہیں جبکہ درآمدات 1.016 ارب ڈالر کی سطح پر ہیں جن میں کھانے کی اشیاء اور پیٹرول شامل ہیں یہ ملک چین، سنگاپور، گھانا، بنگلہ دیش، فرانس، کوٹے دی لیورے اور ٹوگو کے ساتھ کاروباری شراکت دار ہے۔اس ملک میں CFA فرانک رائج سکہ ہے۔

ملک	:بُرکینا فاسو
دارالحکومت	: اوگادوگو
زبانیں	:فرانسیسی، مقامی افریقی زبانیں
صوبے	: 45 صوبے
رقبہ	:105,792 ایک لاکھ پانچ ہزار سات سو بانوے مربع میل
آبادی	: 14784000 ایک کروڑ سنتالیس لاکھ چوراسی ہزار افراد۔
قومیت	: موسی، گرونسی، سیبقو، لوبی، بوبو، مندے اور فولانی قومیں۔
مذاہب	: 50% مسلمان، 40% مقامی مذاہب، 10% عیسائی۔
تعلیم کا تناسب	: 21% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر	:مینگنیز، چونے کا پتھر، سنگِ مرمر، سونا، فاسفیٹ، پیومس اور نمک۔
برآمدات	:543.5 ملین ڈالر جس میں کپاس، مویشی اور سونا شامل ہے۔
درآمدات	:1.016 ارب ڈالر جن میں کھانے کی اشیاء اور پیٹرول شامل ہیں۔
کاروباری شراکت دار	:چین، سنگاپور، گھانا، بنگلہ دیش، فرانس، کوٹے دی لیورے اور ٹوگو۔
قومی زبان	:فرانسیسی
نظامِ حکومت	:جمہوریہ (نیم صدارتی نظام)
آزادی	:فرانس سے

تاریخ آزادی	:5 اگست 1960ء
کرنسی	:افریقی فرانک XAF
انسانی ترقی اشاریہ	:0.37
خام ملکی پیداوار	:مجموعی 17.5 ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس	:1200 بین الاقوامی ڈالر

برونڈی

برونڈی کا دارالحکومت بوجمبورا ہے۔یہ ملک تقریباً 10,747 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے اس ملک کی آبادی تقریباً 8508000 افراد پر مشتمل ہے۔اس ملک میں 17 صوبے ہیں اس ملک میں کرونڈی، فرانسیسی اور سواہلی زبانیں بولی جاتی ہیں ۔اس ملک میں 50% ہوتو، 14% تتسی ، 1% تواقومیں بستی ہیں جن میں سے 62% رومن کیتھولک ، 23% انڈیجنس ، 10% مسلمان اور 5% پروٹیسٹینٹ ہیں۔اس ملک میں تعلیم کا تناسب تقریباً 59.3% ہے اس ملک میں نکل، یورینیم، زمینی آکسائیڈ، پیٹ، کوبالٹ، تانبہ، پلاٹینیم، ونادیم، زرعی زمین، آبی توانائی ، نیوبیم ٹینٹیلم ، میونا، ٹن، ٹنگسٹن، کاؤلن اور چونے کا پتھر پائے جاتے ہیں ۔اس ملک کی برآمدات تقریباً million 52 ملین ڈالر کی ہیں جن میں کافی، چائے، چینی، کپاس وغیرہ شامل ہیں۔جبکہ درآمدات 200 million ملین ڈالر کی ہیں جن میں سرمایہ، پیٹرولیم کی مصنوعات اور کھانے پینے کی اشیاء شامل ہیں ۔یہ ملک جرمنی، بیلجیئم، پاکستان، امریکہ، روانڈا، کینیا، تنزانیہ، فرانس ، اٹلی ، یوگینڈا اور جاپان کے ساتھ کاروبار میں شراکت دار ہے۔اس ملک میں رائج سکہ بُرنڈی فرینک کہلاتا ہے۔

ملک	: برونڈی
دارالحکومت	: برجومبورا
زبانیں	: کرونڈی، فرانسیسی اور سواہلی زبانیں
صوبے	: 17 صوبے
رقبہ	: 10,745 دس ہزار سات سو پینتالیس مربع میل
آبادی	: 89,88,091 نواسی اٹھاسی ہزار اکیانوے افراد۔
قومیت	: 50% ہوتو، 14% تتسی، 1% توا قومیں۔
مذاہب	: 62% رومن کیتھولک، 23% انڈیجنس، 10% مسلمان اور 5% پروٹیسٹینٹ۔
تعلیم کا تناسب	: 59.3% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر	: نکل، یورینیم، زمینی آکسائیڈ، پیٹ، کوبالٹ، تانبہ، پلاٹینیم، ونادیم، زرعی زمین، آبی توانائی، نیوبیم ٹینٹیلم، میونا، ٹن، ٹنگسٹن، کاؤلن اور چونے کا پتھر۔
برآمدات	: 52 ملین ڈالر جس میں کافی، چائے، چینی، کپاس وغیرہ شامل ہیں۔

درآمدات	: 200 ملین ڈالر کی ہیں جن میں سرمایہ، پیٹرولیم کی مصنوعات اور کھانے پینے کی اشیاء۔
کاروباری شراکت دار	: جرمنی، بیلجیئم، پاکستان، امریکہ، روانڈا، کینیا، تنزانیہ، فرانس، اٹلی، یوگینڈا اور جاپان ۔
قومی زبان	: کرونڈی، فرانسیسی
نظام حکومت	: جمہوریہ (صدارتی نظام)
آزادی	: برطانیہ و بیلجیم سے
تاریخ آزادی	: یکم جولائی 1962ء
کرنسی	: برونڈائی فرانک (BIF)
انسانی ترقی	: 0.413
خام ملکی پیداوار	: مجموعی 6.389 بین الاقوامی ڈالر
فی کس	: 800 بین الاقوامی ڈالر

کمبوڈیا

کمبوڈیا کا دارالحکومت کا نام پنوم پن ہے۔یہ ملک تقریباً 69,898 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے اس ملک کی آبادی تقریباً 1,44,94,000 افراد پر مشتمل ہے ۔اس ملک میں 30صوبے ہیں اس ملک میں خمر،فرانسیسی اور انگریزی بولی جاتی ہیں ۔ملک کی آبادی کا 90%خمر ، 5%ویتنامی، 1% چینی، 4% دیگر قومیں ہیں ۔تقریباً 95% تھیراوادا بدھ اور 5% دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ ہیں۔اس ملک میں تعلیم کا تناسب 73.6% ہے اس ملک کو اللہ تعالیٰ نے تیل، گیس، قیمتی پتھر، آئرن اور مینگنیز ، فاسفیٹ اور آبی توانائی کے ذخائر سے مالا مال کیا ہوا ہے۔اس ملک کی برآمدات تقریباً 3.38 ارب ڈالر سالانہ ہیں جن میں کپڑا، لکڑی، ربڑ، چاول، مچھلی تمباکو، جوتے سرفہرست ہیں ۔جبکہ درآمدات 4.446 ارب ڈالر سالانہ ہیں جن میں پیٹرولیم کی مصنوعات، سگریٹ، سونا، تعمیراتی مواد، مشینری، موٹر کاریں اور ادویات شامل ہیں ۔کمبوڈیا امریکہ، جرمنی، برطانیہ، ویتنام، کینیڈا، ہانگ کانگ، چین، سنگاپور اور تائیوان کے ساتھ کاروباری شراکت دار ہے اس ملک میں رائل سکہ رائج ہے۔

ملک	:کمبوڈیا
دارالحکومت	:پنوم پن
زبانیں	:خمر، فرانسیسی اور انگریزی
صوبے	:30صوبے
رقبہ	:69,898 انہتر ہزار آٹھ سو اٹھانوے مربع میل
آبادی	:1,44,94,293 ایک کروڑ چوالیس لاکھ چورانوے ہزار افراد۔
قومیت	:90% خمر، 5% ویتنامی، 1% چینی، 4% دیگر قومیں۔
مذاہب	:95% تھیراوادا بدھ اور 5% دیگر مذاہب۔
تعلیم کا تناسب	:73.6% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر	:تیل، گیس، قیمتی پتھر، آئرن اور مینگنیز، فاسفیٹ اور آبی توانائی ۔
برآمدات	:3.38 ارب ڈالر جس میں کپڑا، لکڑی، ربڑ، چاول، مچھلی، تمباکو، جوتے ۔
درآمدات	:4.446 ارب ڈالر جس میں پیٹرولیم کی مصنوعات، سگریٹ، سونا، تعمیراتی مواد، مشینری، موٹر کاریں اور ادویات شامل ہیں ۔

کاروباری شراکت دار	:امریکہ، جرمنی، برطانیہ، ویتنام، کینیڈا، ہانگ کانگ، چین، سنگاپور اور تائیوان۔
قومی زبان	:خمیر
نظام حکومت	:آئینی ملوکیت
آزادی	:فرانس سے
تاریخ آزادی	:9 نومبر 1953ء
کرنسی	: ریئل (KHR)
انسانی ترقی اشاریہ	:0.598
خام ملکی پیداوار	:مجموعی 25.79 ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس	:1800 بین الاقوامی ڈالر

کیمرون

کیمرون کا دارالحکومت یاؤندے ہے۔ یہ ملک تقریباً 1,83,569 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔ اس ملک کی آبادی تقریباً 18549000 افراد پر مشتمل ہے۔ اس ملک میں 10 خطے ہیں اس ملک میں فرانسیسی، انگریزی اور 24 افریقی زبانیں بولی جاتی ہیں۔ آبادی کا 40% انڈیجینس، 40% عیسائی اور 20% مسلمان لوگ ہیں اس ملک میں 31% پہاڑی کیمرون، 19% بنتو، 11% کردی، 10% فلانی، 8% شمال مغربی بنتو، 13% دیگر افریقی اور 1% غیر افریقی قومیں آباد ہیں۔ اس ملک میں تعلیم کا تناسب تقریباً 67.2% ہے اس ملک میں پیٹرولیم، باکسائیڈ، آئرن اور لکڑی، برقی توانائی کے ذخائر موجود ہیں۔ اس ملک کی برآمدات 3.236 ارب ڈالر سالانہ ہے۔ خام تیل اور پیٹرولیم کی مصنوعات، کوکوبین، المونیم، کافی، کپاس وغیرہ اس میں سرفہرست ہیں۔ درآمدات تقریباً 2.514 ارب ڈالر کی ہیں جن میں مشینری، برقی آلات، نقل وحمل کے آلات، کھانا اور ایندھن وغیرہ شامل ہیں۔ اسپین، اٹلی، برطانیہ، فرانس، امریکہ، جنوبی کوریا، نیدرلینڈ، نائیجیریا، بیلجیئم، چین اور جرمنی کے ساتھ کاروباری شراکت دار ہے۔ اس ملک میں رائج سکہ CFA فرینک ہے۔

ملک: کیمرون

دارالحکومت: یاؤند

زبانیں: فرانسیسی، انگریزی اور 24 افریقی زبانیں

صوبے: 10 صوبے

رقبہ: 1,83,569 ایک لاکھ تیراسی ہزار پانچ انہتر مربع میل

آبادی: 18549000 ایک کروڑ پچاسی لاکھ انچاس ہزار افراد۔

قومیت: 31% پہاڑی کیمرون، 19% بنتو، 11% کردی، 10% فلانی، 8% شمال مغربی بنتو، 13% دیگر افریقی اور 1% غیر افریقی۔

مذاہب: 40% انڈیجینس، 40% عیسائی اور 20% مسلمان۔

تعلیم کا تناسب: 67.2% آبادی پڑھی لکھی ہے۔

قدرتی ذخائر: پیٹرولیم، باکسائیڈ، آئرن اور لکڑی، برقی توانائی۔

برآمدات: 3.236 ارب ڈالر جس میں خام تیل اور پیٹرولیم کی مصنوعات، کوکوبین، المونیم، کافی، کپاس۔

درآمدات: 2.514 ارب ڈالر جس میں مشینری، برقی آلات، نقل وحمل کے آلات، کھانا اور ایندھن۔

کاروباری شراکت دار	:اسپین، اٹلی، برطانیہ فرانس، امریکہ، جنوبی کوریا، نیدرلینڈ، نائیجیریا، بیلجیئم، چین اور جرمنی۔
نظام حکومت:	جمہوریہ (صدارتی نظام)
آزادی:	فرانس اور اقوام متحدہ سے
فرانس سے آزادی:	یکم جنوری 1960ء
برطانیہ سے آزادی:	یکم اکتوبر 1961ء
کرنسی:	افریقی فرانک (XAF)
انسانی ترقی اشاریہ	0.532:
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 40.01 ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس	:2300 بین الاقوامی ڈالر

کینیڈا

کینیڈا کا دارالحکومت کا نام اوٹاوا ہے۔یہ ملک تقریباً 3849674 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔اس ملک کی آبادی تقریباً ، 33195000افراد پر مشتمل ہے ۔اس ملک میں 10 صوبے ہیں اس ملک میں 59.3%انگریزی، 23.2% فرانسیسی اور دیگر زبانیں 17.5% بولی جاتی ہیں ۔اس ملک میں 25% برطانوی، 23%فرانسیسی ، 15% دیگر یورپی قومیں، 2% بھارتی ، 6% عربی، 26% ملی جلی اقوام بستی ہیں جن میں ایشیائی اور افریقی وغیرہ شامل ہیں ۔اس ملک میں بسنے والوں میں 43% رومن کیتھولک، 23% پروٹیسٹینٹ ، 4% دیگر عیسائی ، 2% مسلمان اور 16% لادین ہیں۔کینیڈا میں تعلیم کا تناسب 99% ہے کینیڈا کو اللہ تعالی نے آئرن،نکل، زنک،تانبہ،سونا،لیڈ،پوٹاشیم،ہیرے، چاندی، مچھلی،لکڑی،جنگلی حیاتیات،کوئلہ،پیٹرول،قدرتی گیس اور برقی توانائی سے مالا مال کیا ہے۔اس ملک کی برآمدات 364.8 ارب ڈالر سالانہ ہیں جن میں موٹر کاریں،صنعتی مشینری، جہاز، کیمیات، پلاسٹک،کھاد،لکڑی،خام پیٹرول،قدرتی گیس،بجلی اور المونیم شامل ہیں جبکہ درآمدات صرف 317.7 ارب ڈالر سالانہ ہیں جن میں مشینری، آلات،موٹر کاریں، خام تیل ، کیمیات ،بجلی اور پائیدار اشیاء تعارف شامل فہرست ہیں ۔امریکہ، جاپان ، برطانیہ،چین، میکسیکو،کینیڈا کے شراکت دار ہیں۔اس ملک میں ڈالر رائج ہے۔

ملک:	کینیڈا
دارالحکومت:	اوٹاوہ
زبانیں:	59.3%انگریزی، 23.2%فرانسیسی اور دیگر زبانیں 17.5%
صوبے؛	10 صوبے
رقبہ:	3849674 اڑتیس لاکھ انچاس ہزار چھ سو چوہتر مربع میل
آبادی:	3,31,95,000 تین کروڑ اکتیس لاکھ پچانوے ہزار افراد۔
قومیت:	25%برطانوی، 23%فرانسیسی، 15% یورپی قومیں، 2%بھارتی ، 6% عربی، 26% دیگر۔
مذاہب:	43%رومن کیتھولک، 23%پروٹیسٹینٹ ، 4% عیسائی، 2%مسلمان اور 16% لادین۔
تعلیم کا تناسب	:99% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	آئرن،نکل،زنک،تانبہ،سونا،لیڈ،پوٹاشیم،ہیرے، چاندی، مچھلی،لکڑی، جنگلی حیاتیات،کوئلہ،پیٹرول،قدرتی گیس اور برقی توانائی۔
برآمدات:	364.8 ارب ڈالر جس میں موٹر کاریں،صنعتی مشینری، جہاز، کیمیات، پلاسٹک،کھاد، لکڑی،خام پیٹرول،قدرتی گیس، بجلی اور المونیم شامل ہیں۔

درآمدات: 317.7 ارب ڈالر سالانہ ہیں جن میں مشینری، آلات، موٹر کاریں، خام تیل، کیمیات، بجلی اور پائیدار اشیاء شامل ہیں۔

کاروباری شراکت دار: امریکہ، جاپان، برطانیہ، چین، میکسیکو۔

قومی زبان: انگریزی، فرانسیسی

نظام حکومت: آئینی ملوکیت

آزادی: برطانیہ سے

پہلا قانون: یکم جولائی 1976ء

قانون ویسٹ منسٹر: 11 دسمبر 1931ء

کینیڈا ایکٹ: 17 اپریل 1982ء

کرنسی: کینیڈا کا ڈالر (CAD)

انسانی ترقی اشاریہ: 0.961

خام ملکی پیداوار: مجموعی 1274 ارب بین الاقوامی ڈالر

فی کس: 38200 بین الاقوامی ڈالر

کیپ وردے

کیپ وردے کا دارالحکومت پرایا ہے۔ یہ ملک تقریباً 1557 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔ اس ملک کی آبادی تقریباً 530000 افراد پر مشتمل ہے۔ اس ملک میں 22 میونسپلٹیاں ہیں اس ملک میں پرتگالی اور کرایولو بولی جاتی ہیں۔ اس ملک میں کریول 71%، 25% افریقی اور 1% یورپی اقوام بستی ہیں۔ جن میں سے کچھ رومن کیتھولک او رباقی پروٹیسٹیٹ ہیں اس ملک میں تعلیم کا تناسب 77% ہے اس ملک میں نمک، سبالٹ پتھر، چونے کا پتھر، کاؤلن، مچھلی، چکنی مٹی، اور جپسم کے ذخائر موجود ہیں۔ اس ملک کی برآمدات 73.35 million ملین ڈالر ہے جن میں ایندھن، جوتے، کپڑے، مچھلی وغیرہ شامل ہیں جبکہ درآمدات 500 million ملین ڈالر ہیں جن میں کھانے کی اشیاء، صنعتی مصنوعات، ذرائع نقل وحمل کے آلات، ایندھن شامل ہیں۔ یہ ملک پرتگال، فرانس، امریکہ، برطانیہ، نیدرلینڈ، اسپین، اٹلی اور برازیل کے ساتھ کاروباری شراکت دار ہے اس ملک میں رائج سکے کا نام کیپ وردین ایسکوڈو ہے۔

ملک:	کیپ وردے
دارالحکومت:	پرایا
زبانیں:	پرتگالی اور کرایولو
صوبے:	22 صوبے
رقبہ:	1557 ایک ہزار پانچ سو ستاون مربع میل
آبادی:	530000 پانچ لاکھ تیس ہزار افراد۔
قومیت:	کریول 71%، 25% افریقی اور 1% یورپی اقوام بستی ہیں۔
مذاہب:	رومن کیتھولک، پروٹیسٹیٹ
تعلیم کا تناسب:	77% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	نمک، سبالٹ پتھر، چونے کا پتھر، کاؤلن، مچھلی، چکنی مٹی، اور جپسم۔
برآمدات:	73.35 ملین ڈالر ہے جن میں ایندھن، جوتے، کپڑے، مچھلی وغیرہ شامل ہیں۔
درآمدات:	500 ملین ڈالر جس میں کھانے کی اشیاء، صنعتی مصنوعات، ذرائع نقل وحمل کے آلات، ایندھن۔
کاروباری شراکت دار:	پرتگال، فرانس، امریکہ، برطانیہ، نیدرلینڈ، اسپین، اٹلی اور برازیل۔

قومی زبان:	پرتگیزی
نظام حکومت:	جمہوریہ (نیم صدارتی نظام)
آزادی:	پرتگال سے
تاریخ آزادی	:5 جولائی 1975ء
کرنسی:	اسکودو کابو وردیا نو (CVE)
انسانی ترقی اشاریہ	:0.736
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 3.709 ارب بین الاقوامی
فی کس	:7000 بین الاقوامی ڈالر

وسطی افریقہ

اس ملک میں 14 انتظامی ضلع ہیں۔اس ملک کا دارالحکومت بینگوئی ہے۔یہ ملک 2,40,535 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔اس ملک کی آبادی 4343000 افراد ہے۔اس ملک میں فرانسیسی،سنگھو اور قبائلی زبانیں بولی جاتی ہیں۔اس ملک میں 33% بایا، 27% بندا، 13% مندجیا، 10% سارہ، 7% بوم، 4% ممبکا، 4% یاکوما اور دیگر اقوام 2% ہیں۔اس ملک میں پروٹیسٹیٹ اور رومن کیتھولک 50%، 15% مسلمان اور 35% دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے رہتے ہیں۔اس ملک میں تعلیم کا تناسب 48.6% ہے اس ملک میں ہیرے، یورینیم، لکڑی، سونا، تیل اور برقی توانائی کے ذخائر موجود ہیں اس ملک کی برآمدات 131 million ملین ڈالر کی ہے۔جن میں ہیرے، لکڑی، کپاس، کافی اور تمبا کو شامل ہیں جبکہ درآمدات 203 million ملین ڈالر کی ہیں جن میں کھانا، کپڑا، پیٹرولیم کی مصنوعات، مشینری، برقی آلات، موٹر کاریں، کیمیات اور ادویات شامل فہرست ہیں۔اس ملک کے نمایاں کاروباری شراکت دار بیلجیئم، اٹلی، اسپین، امریکہ، فرانس، انڈونیشیا، چین اور کیمرون جیسے ممالک ہیں۔اس ملک میں CFA فرینک سکہ رائج ہے۔

ملک:	وسطی افریقہ
دارالحکومت:	بینگوئی
زبانیں:	فرانسیسی، سنگھو اور قبائلی زبانیں
صوبے:	14 صوبے
رقبہ:	2,40,535 دو لاکھ چالیس ہزار پانچ سو پینتیس مربع میل
آبادی:	4343000 تینتالیس لاکھ تینتالیس ہزار افراد۔
قومیت:	33% بایا، 27% بندا، 13% مندجیا، 10% سارہ، 7% بوم، 4% ممبکا، 4% یاکوما اور 2% دیگر۔
مذاہب:	پروٹیسٹیٹ اور رومن کیتھولک 50%، 15% مسلمان اور 35% دیگر مذاہب۔
تعلیم کا تناسب:	48.6% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	ہیرے، یورینیم، لکڑی، سونا، تیل اور برقی توانائی۔
برآمدات:	131 ملین ڈالر جس میں ہیرے، لکڑی، کپاس، کافی اور تمبا کو شامل ہے۔
درآمدات:	203 ملین ڈالر جس میں کھانا، کپڑا، پیٹرولیم کی مصنوعات، مشینری، برقی آلات، موٹر کاریں، کیمیات اور ادویات شامل ہیں۔

کاروباری شراکت دار:	بلجیم، اٹلی، اسپین، امریکہ، فرانس، انڈونیشیا، چین اور کیمیرون۔
قومی زبان:	فرانسیسی سنگھو (قومی)
نظام حکومت:	جمہوریہ (صدارتی نظام)
آزادی:	فرانس سے
تاریخ آزادی	:13 اگست 1960ء
کرنسی:	افریقی فرانک (XAF)
انسانی ترقی اشاریہ:	0.384
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 3.101 ارب بین الاقوامی
فی کس	:700 بین الاقوامی ڈالر

چاڈ

چاڈ کے 22 ضلع ہیں اس ملک کا دارالحکومت اینجامینا ہے۔یہ ملک 4,95,755 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔اس ملک کی آبادی 10781000 ہے اس ملک میں فرانسیسی ،عربی،سارہ اور 120 سے زائد بولیاں بولی جاتی ہیں۔اس ملک میں 200 مختلف گروہ رہتے ہیں جن میں زیادہ تر عربی، کورین ، زگھاوا، کنمبو ،کوٹوکو، حاؤسہ ،بؤلالا اور رابا جنوب میں زیادہ تر عیسائی سارہ، ماؤ ڈنگ ،منہ، مؤسی آباد ہیں۔اس ملک میں 51%اسلام، 35% عیسائیت، 14% دیگر مذاہب کے ماننے والے ہیں اس ملک میں 25.7% تعلیم یافتہ آبادی ہے اس ملک میں پیڑول ، یورینیم ،نیٹرون کاؤلن، مچھلی ، سونا، چونے کا پتھر، مٹی گارہ اور نمک کے ذخائر موجود ہیں۔اس ملک کی برآمدات تقریباً 4.342 ارب ڈالر کی ہیں جن میں کپاس، مویشی ،عربی گوندو تیل شامل ہیں جبکہ درآمدات 823.1million ڈالر کی ہیں جن میں مشینری، ذرائع نقل وحمل کے آلات، صنعتی مصنوعات، کھانے پینے کی اشیاء اور کپڑا شامل ہیں۔اس ملک کے نمایاں کاروباری شراکت دار میں چین، پرتگال،فرانس،کیمرون، جرمنی، بیلجیئم شامل ہیں۔اس ملک میں CFA فرینک سکہ رائج ہے۔

ملک: چاڈ

دارالحکومت: اینجامینا

زبانیں: فرانسیسی،عربی،سارہ اور دیگر

صوبے: 22صوبے

رقبہ: 4,95,755 چار لاکھ پچانوے ہزار سات سو پچپن مربع میل

آبادی: 10781000 ایک کروڑ سات لاکھ اکیاسی ہزار افراد۔

قومیت: عربی، کورین، زگھاوا، کنمبو ،کوٹوکو، حاؤسہ،بؤلالا اور رابا

مذاہب: 51% اسلام، 35% عیسائیت، 14% دیگر مذاہب۔

تعلیم کا تناسب: 823.1% آبادی پڑھی لکھی ہے۔

قدرتی ذخائر: پیڑول، یورینیم،نیٹرون کاؤلن، مچھلی، سونا، چونے کا پتھر، مٹی گارہ اور نمک کے ذخائر۔

برآمدات: 4.342 ارب ڈالر جس میں کپاس، مویشی،عربی گوند و تیل شامل ہیں

درآمدات: 203 ملین ڈالر جس میں مشینری، ذرائع نقل وحمل کے آلات، صنعتی مصنوعات، کھانے پینے کی اشیاء اور کپڑا شامل ہیں۔

کاروباری شراکت دار:	چین، پرتگال، فرانس، کیمرون، جرمنی، اور بیلجیئم شامل ہیں۔
قومی زبان:	فرانسیسی عربی
نظام حکومت:	جمہوریہ (صدارتی نظام)
آزادی:	فرانس سے
تاریخ آزادی:	11 اگست 1960ء
کرنسی:	افریقی فرانک (XAF)
انسانی ترقی اشاریہ	0.388:
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 15.95 ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس	1600: بین الاقوامی ڈالر

چلی

یہ ملک تقریباً 291930 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے، چائل کا دارالحکومت سنتیا گو ہے اس ملک میں 16598074 افراد بستے ہیں۔اس ملک کے 15 ضلع ہیں اس ملک میں اسپانوی بولی جاتی ہیں۔اس ملک میں 89% رومن کیتھولک، 11% پروٹیسٹینٹ اور باقی یہودی بستے ہیں۔اس ملک میں تعلیم کا تناسب 96% ہے اس ملک میں کاپر، لکڑی، آئرن، نائٹریٹ، قیمتی دھاتیں، مولیبیم، آبی توانائی کے ذخائر موجود ہیں۔اس ملک کی برآمدات تقریباً 58.21 ارب ڈالر کی ہیں جن میں تانبہ، پھل، مچھلی کی مصنوعات، کاغذ، کیمیات اور شراب شامل ہیں جبکہ درآمدات صرف 35.57 ارب ڈالر ہیں جن میں پیٹرول اور اس کی مصنوعات، کیمیات، برقی آلات، صنعتی مشینری، گاڑیاں اور قدرتی گیس وغیرہ شامل ہیں۔چائل امریکہ، جاپان، چین، جنوبی کوریا، نیدرلینڈ، برازیل، اٹلی، میکسیکو اور ارجنٹینا کے ساتھ کاروباری شراکت دار ہے۔اس ملک میں چلین پیسو سکہ رائج ہے۔

ملک:	چائل
دارالحکومت:	سنتیا
زبانیں:	اسپانوی
صوبے؛	15 صوبے
رقبہ:	291930 دولاکھ اکیانوے ہزار نوسوتیس مربع میل
آبادی	:16598074 ایک کروڑ پینسٹھ لاکھ اٹھانوے ہزار چوہتر ہزار سات سو سات افراد۔
مذاہب:	89% رومن کیتھولک، 11% پروٹیسٹینٹ اور باقی یہودی
تعلیم کا تناسب:	96% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	کاپر، لکڑی، آئرن، نائٹریٹ، قیمتی دھاتیں، مولیبیم، آبی توانائی کے ذخائر۔
برآمدات:	58.21 ارب ڈالر کی ہیں جن میں تانبہ، پھل، مچھلی کی مصنوعات، کاغذ، کیمیات اور شراب شامل ہیں۔
درآمدات:	35.57 ارب ڈالر جس میں پیٹرول اور اس کی مصنوعات، کیمیات، برقی آلات، صنعتی مشینری، گاڑیاں اور قدرتی گیس وغیرہ شامل ہیں۔

کاروباری شراکت دار:	امریکہ، جاپان، چین، جنوبی کوریا، نیدرلینڈ، برازیل ،اٹلی، میکسیکو اور ارجنٹینا۔
قومی زبان:	ہسپانوی
نظام حکومت:	جمہوریہ (صدارتی نظام)
آزادی:	ہسپانیہ سے
قومی جنتا:	18 ستمبر 1810ء
اعلان آزادی:	12 فروری 1818ء
تاریخ آزادی:	25 اپریل 1844ء
کرنسی:	چلی کا پیسو (CLP)
انسانی ترقی اشاریہ	0.867:
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 234.4 ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس:	14400 بین الاقوامی ڈالر

چین

چین میں 34 صوبے ہیں۔ بیجنگ اس ملک کا دارالحکومت ہے اور یہ ملک 3722342 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔ اس ملک کی آبادی 1322721419 افراد پر مشتمل ہے۔ اس ملک میں چینی، یو، وو، منھی، زیانگ، گین، ہکا اور اقلیتی زبانیں بولی جاتی ہیں۔ اس ملک میں ہین %91.9 اور باقی اقوام %8.1 بستی ہیں جن میں تبتی، کورین، منگول، وغیرہ شامل ہیں۔ اس ملک میں کافر، تاؤوی، بدھ، عیسائی %3-4 اور مسلمان %1-2 بستے ہیں۔ اس ملک میں تعلیم کا تناسب تقریباً %90.9 ہے اس ملک میں کوئلہ، آئرن، پیٹرول، قدرتی گیس، مرکیوری، ٹن، ٹنگسٹن، اینٹیمونی، مینگنیز، مولیبڈینم، وناڈیم، میگنیٹائٹ، المونیم، لیڈ، زنک، یورینیم، آبی توانائی کے (دنیا میں سب سے بڑے صلاحیت) موجود ہیں۔ اس ملک کی برآمدات 974 ارب ڈالر کی ہیں جن میں مشینری اور آلات، پلاسٹک، طبی آلات، لوہا اور اسٹیل سرفہرست ہیں۔ جبکہ درآمدات صرف 777.9 ارب ڈالر کی ہیں جن میں مشینری اور آلات، تیل اور معدنی ایندھن، پلاسٹک، طبی آلات، کیمیات، لوہا اور اسٹیل شامل ہیں۔ چین امریکہ، ہانگ کانگ، جاپان، جنوبی کوریا، جرمنی اور تائیوان کے ساتھ کاروباری شراکت دار ہے اس ملک میں رائج سکے کو یوآن / رنمبی کہا جاتا ہے۔

ملک:	چین
دارالحکومت:	بیجنگ
زبانیں:	چینی، یو، وو، منھی، زیانگ، گین، ہکا اور اقلیتی زبانیں
ضلع:	34 صوبے
رقبہ:	3722342 سینتیس لاکھ بائیس ہزار تین سو بیالیس مربع میل
آبادی:	1322721419 ایک ارب بتیس کروڑ ستائیس لاکھ چار سو انیس افراد
قومیت:	ہین %91.9 اور باقی اقوام %8.1 بستی، کورین، منگول شامل ہیں۔
مذاہب:	کافر، تاؤوی، بدھ، عیسائی %3-4 اور مسلمان %1-2۔
تعلیم کا تناسب:	%90.9 آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	کوئلہ، آئرن، پیٹرول، قدرتی گیس، مرکیوری، ٹن، ٹنگسٹن، اینٹیمونی، مینگنیز، مولیبڈینم، وناڈیم، میگنیٹائٹ، المونیم، لیڈ، زنک، یورینیم اور آبی توانائی۔
برآمدات:	974 ارب ڈالر کی ہیں جن میں مشینری اور آلات، پلاسٹک، طبی آلات، لوہا اور اسٹیل شامل ہے۔

درآمدات :	777.9ارب ڈالر جس میں مشینری اور آلات، تیل اور معدنی ایندھن، پلاسٹک، طبی آلات، کیمیات، لوہا اور اسٹیل شامل ہیں۔
کاروباری شراکت ممالک:	امریکہ، ہانک کانگ، جاپان، جنوبی کوریا، جرمنی اور تائیوان۔
قومی زبان:	بن چینی
نظام حکومت:	اشتراکی جمہوریہ
تاریخ آزادی:	یکم اکتوبر 1949ء
کرنسی:	یوان (CNY)
انسانی ترقی اشاریہ	0.777:
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 7043ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس	5300:بین الاقوامی ڈالر

کولمبیا

کولمبیا میں 32 ادارے/شعبے ہیں اور ایک بڑا ضلع ہے اس ملک کی آبادی 44075000 افراد پر مشتمل ہے جبکہ ملک 4,39,737 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔اس ملک کا دارالحکومت بگوٹا ہے اس ملک میں اسپانوی زبان بولی جاتی ہے جبکہ اس ملک میں بسنے والی اقوام میں 58% میٹیزو، 20% گورے، 14% ملاٹو، 4% سیاہ فام، 3% ارمندین سیاہ فام، اور 1% ارمندین ہیں۔اس ملک میں 90% لوگ رومن کیتھولک مذہب کے پیروکار ہیں۔اس ملک میں تعلیم کا تناسب 92.8% ہے اس ملک سے پیٹرول، کافی، کوئلہ، کپڑے، کیلے اور پھول بہت زیادہ برآمد ہوتے ہیں۔اس ملک کی برآمدات 24.8 ارب ڈالر مبنی ہیں جبکہ درآمدات 24.33 ارب ڈالر کی ہوتی ہیں جن میں صنعتی آلات، ذرائع نقل وحمل کے آلات، اشیاء تعارف، کیمیات، کاغذ کی مصنوعات، ایندھن اور بجلی ہے اس ملک میں پیٹرول، قدرتی گیس، کوئلہ، آئرن، نکل، سونا، تانبہ، ایمیرلڈ اور آبی توانائی کے ذخائر و ذرائع موجود ہیں۔کولمبیا امریکہ، وینزویلا، ایکویڈر، چین، میکسیکو اور برازیل کے ساتھ کاروبار میں شراکت دار ہے۔اس ملک میں کولمبین پیسو رائج ہے۔

ملک:	کولمبیا
دارالحکومت:	بگوٹا
زبانیں:	اسپانوی
ضلع:	32 صوبے
رقبہ:	4,39,737 چار لاکھ انتالیس ہزار سات سینتیس مربع میل
آبادی:	44075000 چار کروڑ چالیس لاکھ پچھتر ہزار افراد
قومیت:	58% میٹیزو، 20% گورے، 14% ملاٹو، 4% سیاہ فام، 3% ارمندین سیاہ فام، اور 1% ارمندین
مذاہب:	90% رومن کیتھولک۔
تعلیم کا تناسب:	92.8% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	پیٹرول، قدرتی گیس، کوئلہ، آئرن، نکل، سونا، تانبہ، ایمیرلڈ اور آبی توانائی۔
برآمدات:	24.8 ارب ڈالر کی ہیں جن میں پیٹرول، کافی، کوئلہ، کپڑے، کیلے اور پھول شامل ہے۔

درآمدات:	24.33 ارب ڈالر جس میں صنعتی آلات، ذرائع نقل وحمل کے آلات، اشیاء تعارف، کیمیات، کاغذ کی مصنوعات، ایندھن اور بجلی شامل ہے۔
کاروباری شراکت ممالک:	امریکہ، وینزویلا، ایکیوڈر، چین، میکسیکو اور برازیل۔
قومی زبان:	ہسپانوی
نظام حکومت:	جمہوریہ (صدارتی نظام)
آزادی:	ہسپانیہ سے
اعلان آزادی	:20 جولائی 1810ء
تاریخ آزادی	:7 اگست 1819ء
کرنسی:	کولمبیا کا پیسو (COP)
انسانی ترقی اشاری	:0.791
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 320.4 ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس	:7200 بین الاقوامی ڈالر

کوموروس

کوموروس میں 4 جزیرے ہیں یہ ملک 862.94 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔اس ملک کی آبادی 682000 افراد پر مشتمل ہے اس ملک کا دارالحکومت مورونی ہے۔اس ملک میں عربی اور فرانسیسی قومی زبانیں ہیں جبکہ شیکومورو جو کہ سواہلی/عربی امتزاج ہے بھی بولی جاتی ہے۔اس ملک میں اینٹلوٹ، کیفرے مکوا، اوئے میتیا اور سکالاوا وغیرہ بستے ہیں۔۔اس ملک میں 89% سنّی مسلمان اور 2% رومن کیتھولک ہیں۔اس ملک میں تعلیم کا تناسب 57% ہے۔اس ملک میں 34 ملین ڈالر کی برآمدات کی جاتی ہیں جن میں ونیلا، خوشبو، لونگ اور کھوپرا شامل ہیں جبکہ درآمدات 115 ملین ڈالر کی ہیں جن میں چاول اور دیگر کھانے کی اشیاء، اشیا ءتعارف، پیٹرول کی مصنوعات، سیمنٹ، ذرائع نقل وحمل کے آلات وغیرہ شامل ہیں۔کوموروس امریکہ، فرانس، سنگاپور، ترکی، جرمنی، جنوبی افریقہ، کینیا، متحدہ عرب امارات، اٹلی، پاکستان اور موریشین کے ساتھ کاروباری شراکت دار ہے۔اس ملک میں فرینگ سکہ رائج ہے۔

ملک:	کوموروس
دارالحکومت:	مورونی
زبانیں:	عربی، فرانسیسی اور شیکومورو
ضلع:	4 صوبے
رقبہ:	862.94 آٹھ سو باسٹھ اشاریہ چورانوے مربع میل
آبادی:	682000 چھ لاکھ بیاسی ہزار افراد
قومیت:	اینٹلوٹ، کیفرے مکوا، اوئے میتیا اور سکالاوا وغیرہ۔
مذاہب:	98% سنّی مسلمان اور 2% رومن کیتھولک ہیں۔
تعلیم کا تناسب:	57% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
برآمدات:	34 ملین ڈالر جس میں ونیلا، خوشبو، لونگ اور کھوپرا شامل ہیں۔
درآمدات:	115 ملین ڈالر جس میں چاول اور دیگر کھانے کی اشیاء، اشیا ءتعارف، پیٹرول کی مصنوعات، سیمنٹ، ذرائع نقل وحمل کے آلات وغیرہ۔
کاروباری شراکت ممالک:	امریکہ، فرانس، سنگاپور، ترکی، جرمنی، جنوبی افریقہ، کینیا، متحدہ عرب امارات، اٹلی، پاکستان اور موریشین۔
قومی زبان:	عربی، فرانسیسی

نظام حکومت:	جمہوریہ (صدارتی نظام)
آزادی:	فرانس سے
تاریخ آزادی:	6 جولائی 1975ء
کرنسی:	قمری فرانک (KMF)
انسانی ترقی اشاریہ	0.561:
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 1.262 ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس	:600 بین الاقوامی ڈالر

کانگو

کانگو میں کوئی صوبہ نہیں ہے۔یہ ملک 905355 مربع میل پھیلا ہوا ہے۔اس ملک کی آبادی 62636000 افراد پر مشتمل ہے۔اس ملک کا دارالحکومت برازاویل ہے۔اس ملک میں فرانسیسی ،لنگالا،مونوکتوبا، کیکونگواور بہت سی دیگر زبانیں بولی جاتی ہیں۔اس ملک میں 48% کونگو، 20% سنگھا، 12% بوچی، 17% تیکے اور 3% یورپی اور دیگر اقوام بستی ہیں۔اس ملک میں 50% عیسائی، 48% مظاہر پرست اور 2% مسلمان ہیں اس ملک میں تعلیم کا تناسب 84% ہے۔اس ملک میں پیٹرول،لکڑی، پوٹاشیم، لیڈ، یورینیم، تانبہ، فاسفیٹ،قدرتی گیس اور آبی توانائی موجود ہیں۔اس ملک کی برآمدات 2.209 ارب ڈالر کی ہیں جن میں پیٹرول ، پلائی کی لکڑی، چینی، کوکوا، کافی اور ہیرے شامل ہیں جبکہ درآمدات صرف 806.5 ملین کی ہیں جن میں تعمیراتی مواد اور کھانے کی اشیاء شامل ہیں۔یہ ملک چین، تائیوان، شمالی کوریا، امریکہ، فرانس، جرمنی، اٹلی اور نیدرلینڈ کے ساتھ کاروباری شراکت دار ہے اس ملک میں CFA فرینک رائج ہے۔

ملک:	کانگو
دارالحکومت:	برازاویل
زبانیں:	فرانسیسی،لنگالا،مونوکتوبا، کیکونگواور بہت سی دیگر زبانیں
ضلع:	کوئی نہیں
رقبہ:	905355 ایک لاکھ بتیس ہزار چھیالیس مربع میل
آبادی:	62636000 چھ کروڑ چھبیس لاکھ چھتیس ہزار نو افراد
قومیت:	48% کونگو، 20% سنگھا، 12% بوچی، 17% تیکے اور 3% یورپی۔
مذاہب:	50% عیسائی، 48% مظاہر پرست اور 2% مسلمان۔
تعلیم کا تناسب:	84% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	پیٹرول،لکڑی، پوٹاشیم،لیڈ، یورینیم، تانبہ، فاسفیٹ،قدرتی گیس اور آبی توانائی۔
برآمدات:	2.209 ارب ڈالر جس میں پیٹرول، پلائی کی لکڑی، چینی، کوکوا، کافی اور ہیرے شامل ہیں
درآمدات:	806.5 ملین ڈالر جس میں تعمیراتی مواد اور کھانے کی اشیاء شامل ہیں۔

کاروباری شراکت ممالک:	چین، تائیوان، شمالی کوریا، امریکہ، فرانس، جرمنی، اٹلی اور نیدرلینڈ ۔
قومی زبان:	فرانسیسی
نظام حکومت:	جمہوریہ (صدارتی نظام)
آزادی:	بیلجیم سے
تاریخ آزادی:	30 جون 1960ء
کرنسی:	نیازائر (CDZ)
انسانی ترقی اشاریہ	0.411:
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 19.07 ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس:	300 بین الاقوامی ڈالر

کوسٹاریکا

اس ملک میں 7 صوبے ہیں اس ملک میں 4468000 افراد بستے ہیں اس ملک کا دارالحکومت سان جوز ہے۔یہ ملک 19,730 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔اس ملک میں اسپانوی اور انگریزی بولی جاتی ہیں۔اس ملک میں 94% گورے، 3% سیاہ فام، 1% ارمندین، 1% چینی اور 1% دیگر اقوام بستی ہیں جن میں 76% رومن کیتھولک، 14% ایونجیلیکل، 1% پروٹیسٹیٹ، 5% دیگر مذاہب اور 3 % لادین ہیں۔اس ملک میں تعلیم کا تناسب 94.9% ہے اس ملک میں آبی توانائی کی صلاحیت موجود ہے۔کوسٹاریکا کی برآمدات 7.005 ارب ڈالر سالانہ ہیں جن میں کافی، کیلا، چینی، انناس، کپڑا، برقی آلات اور طبی آلات شامل ہیں۔جبکہ درآمدات 9.69 ارب ڈالر کی سطح پر ہیں جن میں خام مال، اشیاء تعارف، سرمایہ اور پیٹرول شامل ہیں۔یہ ملک امریکہ، نیدرلینڈ، گوئٹمالا، جاپان، میکسیکو اور برازیل کے ساتھ کاروباری شراکت دار ہے۔اس ملک میں کولوں سکہ رائج ہے۔

ملک:	کوسٹاریکا
دارالحکومت:	سین جوز
زبانیں:	اسپانوی اور انگریزی
ضلع:	7صوبے
رقبہ:	19,730 انیس ہزار سات سو تیس مربع میل
آبادی:	4468000 چوالیس لاکھ اڑسٹھ ہزار آٹھ افراد
قومیت:	94% گورے، 3% سیاہ فام، 1% ارمندین، 1% چینی اور 1% دیگر۔
مذاہب:	76% رومن کیتھولک، 14% ایونجیلیکل، 1% پروٹیسٹیٹ، 5% دیگر مذاہب اور 3% لادین۔
تعلیم کا تناسب:	94.9% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	آبی توانائی
برآمدات:	7.005 ارب ڈالر جس میں کافی، کیلا، چینی، انناس، کپڑا، برقی آلات اور طبی آلات شامل ہیں۔
درآمدات:	9.69 ارب ڈالر جس میں خام مال، اشیا تعارف، سرمایہ اور پیٹرول شامل ہیں۔۔

کاروباری شراکت ممالک:	امریکہ، نیدرلینڈ، گوئٹمالا، جاپان، میکسیکو اور برازیل۔
قومی زبان:	ہسپانوی
نظام حکومت:	جمہوریہ (صدارتی نظام)
آزادی:	ہسپانیہ سے
ہسپانیہ سے:	15 ستمبر 1821ء
UPCA سے	:1838ء
کرنسی:	کولون (CRC)
انسانی ترقی اشاریہ	:0.846
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 55.95 ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس	: 13500 بین الاقوامی ڈالر

کوٹ ڈی ایوائرے

اس ملک میں 19 خطے ہیں ۔اس ملک کا دارالحکومت یاموسوکرو ہے یہ ملک 1,24,504 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے ۔اس ملک کی آبادی 19262000 افراد پر مشتمل ہے اس ملک میں فرانسیسی اور افریقی زبانیں بولی جاتی ہیں ۔اس ملک میں 42.1% اکان، 17% گر، 16.5% شمالی مینڈس ، 11% کروس، 10% جنوبی مینڈس اور 2.8% دیگر اقوام بستی ہیں جن میں 25-40% مقامی، 35-40% مسلمان، 20-30% عیسائی ہیں ۔اس ملک میں تعلیم کا تناسب 51% ہے اس ملک میں پیٹرول ،قدرتی گیس، ہیرے، مینگنیز ،آئرن، کوبالٹ، باکسائیڈ، تانبہ، آبی توانائی موجود ہیں ۔اس ملک کی برآمدات 6.49 ارب ڈالر کی ہیں جن میں کوکوا، کافی، لکڑی، پیٹرول، کپاس، کیلا، انناس، پام کا تیل، اور مچھلی شامل ہیں جبکہ درآمدات صرف 4.759 ارب ڈالر کی ہیں جن میں ایندھن، کھانے کی اشیاء وغیرہ شامل ہیں ۔یہ ملک فرانس، نیدرلینڈ، امریکہ، نائیجیریا، اٹلی، تھائی لینڈ سے کاروباری شراکت میں جڑا ہوا ہے ۔اس ملک میں CFA فرینک سکہ رائج ہے ۔

ملک:	کوٹ ڈی ایوائرے
دارالحکومت:	یاموسوکرو (باضابطہ) عابد جان (انتظامی)
زبانیں:	فرانسیسی اور افریقی
صوبے:	19 خطے
رقبہ:	1,24,504 ایک لاکھ چوبیس ہزار پانچ سو چار مربع میل
آبادی:	19262000 ایک کروڑ بانوے لاکھ باسٹھ ہزار افراد
قومیت:	42.1% اکان، 17% گر، 16.5% شمالی مینڈس، 11% کروس، 10% جنوبی مینڈس اور 2.8% دیگر۔
مذاہب:	25-40% مقامی، 35-40% مسلمان، 20-30% عیسائی۔
تعلیم کا تناسب:	51% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	پیٹرول ،قدرتی گیس، ہیرے، مینگنیز ،آئرن، کوبالٹ، باکسائیڈ، تانبہ، آبی توانائی۔
برآمدات:	6.49 ارب ڈالر جس میں کوکوا، کافی، لکڑی، پیٹرول، کپاس، کیلا، انناس، پام کا تیل، اور مچھلی شامل ہے۔

درآمدات:	4.759ارب ڈالر جس میں ایندھن، کھانے کی اشیاء وغیرہ شامل ہیں۔
کاروباری شراکت ممالک:	فرانس، نیدرلینڈ، امریکہ، نائیجیریا، اٹلی، تھائی لینڈ۔
قومی زبان:	فرانسیسی
نظام حکومت:	جمہوریہ (صدارتی نظام)
آزادی:	فرانس سے
تاریخ آزادی:	7 اگست 1960ء
کرنسی:	افریقی فرانک
انسانی ترقی اشاریہ	:0.432
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 32.86ارب بین الاقوامی
فی کس	:1800بین الاقوامی ڈالر

کروشیا

کروشیا میں 20 علاقائی حصے ہیں اس ملک کا دارالحکومت زغرب ہے یہ ملک 21,829 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔اس ملک میں 4555000 افراد کی آبادی ہے اس ملک میں کروشین 96% اور دیگر زبانیں 4% بولی جاتی ہیں ۔اس ملک میں 89.6% کروٹ، 4.5% سرب، 0.5% بوسنک، 0.4% ہنگری، 0.3% سلوی، 0.2% چیک، 0.5% روما، 0.1% البانوی، 0.1% مونٹیگرین اور 4.1% دیگر اقوام بستی ہیں جن میں 88% رومن کیتھولک، 4% آرتھوڈکس، 1% مسلمان اور 1% دیگر عیسائی اور 5% لادین ہیں ۔اس ملک میں تعلیم کا تناسب 99% ہے اس ملک میں تیل تھوڑا سا کوئلہ، باکسائیڈ، نچلے درجے کا آئرن، کیلشیم، میکا، چکنی مٹی، نمک اور آبی توانائی موجود ہیں ۔اس ملک کی برآمدات ______ ارب ڈالر کی ہیں جن میں ذرائع نقل وحمل کے آلات، کپڑا، کیمیات، کھانے کی اشیاء اور ایندھن شامل ہیں ۔جبکہ درآمدات 18.93 ارب ڈالر کی ہیں جن میں مشینری، ذرائع نقل وحمل اور برقی آلات، کیمیات، ایندھن اور کھانے کی اشیاء شامل فہرست ہیں ۔اس ملک کے کاروباری شراکت داروں کی فہرست میں اٹلی، بوسنیا، جرمنی، آسٹریا، سلوینیا، روس اور فرانس شامل ہیں ۔اس ملک میں کونا سکہ رائج ہے۔

ملک: کروشیا

دارالحکومت: زغرب

زبانیں: کروشین 96% اور دیگر 4%

ضلع: 20 صوبے

رقبہ: 21,829 اکیس ہزار آٹھ سو انتیس مربع میل

آبادی: 4555000 پینتالیس لاکھ پچپن ہزار افراد

قومیت: 89.6% کروٹ، 4.5% سرب، 0.5% بوسنک،
0.4% ہنگری، 0.3% سلوی،
0.2% چیک، 0.5% روما، 0.1% البانوی،
0.1% مونٹیگرین اور 4.1% دیگر اقوام۔

مذاہب: 88% رومن کیتھولک، 4% آرتھوڈکس،
1% مسلمان اور 1% دیگر عیسائی اور 5% لادین۔

تعلیم کا تناسب : 99% آبادی پڑھی لکھی ہے۔

قدرتی ذخائر:	تیل تھوڑا سا کوئلہ، باکسائیڈ، نچلے درجے کا آئرن کیلشیم، میکا، چکنی مٹی، نمک اور آبی توانائی۔
برآمدات:	ذرائع نقل وحمل کے آلات، کپڑا، کیمیات، کھانے کی اشیاء اور ایندھن۔
درآمدات	:18.93 ارب ڈالر جس میں مشینری، ذرائع نقل وحمل اور برقی آلات، کیمیات، ایندھن اور کھانے کی اشیاء شامل ہیں۔
کاروباری شراکت ممالک :	اٹلی، بوسنیا، جرمنی، آسٹریا، سلووینیا، روس اور فرانس۔
قومی زبان:	کروشیائی
نظام حکومت:	پارلیمانی جمہوریہ
آزادی:	یوگوسلاویہ سے
آسٹریا ہنگری سے آزادی:	29 اکتوبر 1981ء
یوگوسلاویہ میں شمولیت:	یکم دسمبر 1981ء
آزادی	:8 اکتوبر 1991ء
کرنسی:	کروشیائی دینا(HRD)
انسانی ترقی اشاریہ	:0.85
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 69.44
فی کس	:15500 بین الاقوامی ڈالر

کیوبا

کیوبا میں کل ملا کر 14 صوبے اور ایک خاص ضلع ہے یہ ملک 42,804 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔اس ملک کی آبادی 11268000 افراد پر مشتمل ہے۔اس ملک کی آبادی 1,14,51,652 افراد پر مشتمل ہے۔اس ملک کا دارالحکومت ہوانا ہے اس ملک میں اسپانوی بولی جاتی ہے اس ملک میں 51% مولاٹو، 37% گورے، 11% سیاہ فام اور 1% چینی بستے ہیں جن میں نمایاں طور پر رومن کیتھولک اور سینٹیریا مذاہب کے پیروکار ہیں۔اس ملک میں تعلیم کا تناسب 97% ہے اس ملک میں کوبالٹ، نکل، آئرن، تانبہ، مینگنیز، نمک، لکڑی، سیلیکا، پیٹرول اور زرخیز زمین موجود ہیں۔اس ملک کی برآمدات 2.9656 ارب ڈالر کی ہیں جن میں چینی، نکل، تمباکو، مچھلی، طبی مصنوعات اور کافی وغیرہ شامل ہیں جبکہ درآمدات کا حجم 9.51 ارب ڈالر کی سطح پر ہے جن میں پیٹرول، کھانا، مشینری اور آلات، کیمیات وغیرہ شامل ہیں۔کیوبا نیدرلینڈ، کینیڈا، چین، روس، اسپین، وینزویلا، امریکہ، اٹلی اور میکسیکو کے ساتھ کاروباری شراکت دار ہے۔اس ملک میں کیوبن پیسو سکہ رائج ہے۔

ملک:	کیوبا
دارالحکومت:	ہوانا
زبانیں:	اسپانوی
ضلع:	14 صوبے
رقبہ:	42,804 بیالیس ہزار آٹھ سو چار مربع میل
آبادی:	11268000 ایک کروڑ بارہ لاکھ اڑسٹھ ہزار افراد
قومیت:	42.1%51% مولاٹو، 37% گورے، 11% سیاہ فام اور 1% چینی۔
مذاہب:	رومن کیتھولک اور سینٹیریا مذاہب۔
تعلیم کا تناسب:	97% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	کوبالٹ، نکل، آئرن، تانبہ، مینگنیز، نمک، لکڑی، سیلیکا، پیٹرول اور زرخیز زمین۔
برآمدات:	2.9561 ارب ڈالر جس میں چینی، نکل، تمباکو، مچھلی، طبی مصنوعات اور کافی وغیرہ۔

درآمدات:	9.51 ارب ڈالر جس میں پیٹرول، کھانا، مشینری اور آلات، کیمیات وغیرہ شامل ہیں۔
کاروباری شراکت ممالک:	نیدرلینڈ، کینیڈا، چین، روس، اسپین، وینزویلا، امریکہ، اٹلی اور میکسیکو شامل ہیں۔
نظام حکومت:	اشتراکی جمہوریہ
آزادی:	امریکہ سے
اعلان آزادی:	10 اکتوبر 1868ء
جمہوریہ:	20 مئی 1902ء
انقلاب:	یکم جنوری 1959ء
کرنسی:	کیوبا کا پیسو (CUP)
انسانی ترقی اشاریہ	:0.838
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 51.11 ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس	:4500 بین الاقوامی ڈالر

سائپرس

اس ملک میں 6 ضلع ہیں اس ملک کا دارالحکومت نکوسیا ہے یہ ملک 3,572 مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔اس ملک کی آبادی 855000 افراد پر مشتمل ہے اس ملک میں گریک ،ترکی اور انگریزی زبانیں بولی جاتی ہیں۔اس ملک میں 77% گریک، 18% ترک اور 5% دیگر اقوام رہتی ہیں جن میں 78% گریک، 18% مسلمان، میرونائٹ اور دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے 4% ہیں ۔اس ملک میں تعلیم کا تناسب 98% ہے۔اس ملک میں تانبہ، پائرائٹ، ایبٹس، جپسم، لکڑی، نمک، سنگِ مرمر، چکنی مٹی موجود ہیں ۔اس ملک کی برآمدات تقریباً 1.5 ارب ڈالر گریک سائپرس اور 69 ملین ڈالر ترک سائپرس سے ہوتی ہیں جن میں آلو، ادویات، سیمنٹ، کپڑا اور سگریٹ شامل ہیں۔جبکہ درآمدات تقریباً 6.9 ارب ڈالر گریک سائپرس اور 415.2 ملین ڈالر ترک سائپرس سے ہوتی ہیں جن میں اشیا ءتعارف، پیٹرول، مشینری، ذرائع نقل وحمل کے آلات، گاڑیاں، ایندھن، سگریٹ، کھانا، معدنیات اور کیمیات شامل ہیں۔سائپرس امریکہ، گریس، جرمنی، متحدہ عرب امارات، فرانس، اٹلی، جاپان، اسرائیل اور نیدرلینڈ کے ساتھ کاروباری شراکت دار ہے۔اس ملک میں یورو کرنسی رائج ہے۔

ملک:	سائپرس
دارالحکومت:	نکوسیا
زبانیں:	گریک، ترکی اور انگریزی۔
صوبے:	6 صوبے
رقبہ:	3,572 تین ہزار پانچ سو بہتر مربع میل
آبادی:	855000 آٹھ لاکھ پچپن ہزار مربع میل۔
قومیت:	77% گریک، 18% ترک اور 5% دیگر۔
مذاہب:	78% گریک، 18% مسلمان، میرونائٹ اور دیگر مذاہب ۔
تعلیم کا تناسب :	98% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	تانبہ، پائرائٹ، ایبٹس، جپسم، لکڑی، نمک، سنگِ مرمر، چکنی مٹی۔
برآمدات:	71.5 ارب ڈالر جس میں آلو، ادویات، سیمنٹ، کپڑا اور سگریٹ شامل ہیں۔

درآمدات	:421.2 ارب ڈالرجس میں اشیاء تعارف، پیٹرول، مشینری، ذرائع نقل وحمل کے آلات، گاڑیاں، ایندھن، سگریٹ، کھانا، معدنیات اور کیمیات شامل ہیں۔
کاروباری شراکت ممالک:	امریکہ، گریس، جرمنی، متحدہ عرب امارات، فرانس، اٹلی، جاپان، اسرائیل اور نیدرلینڈ۔
قومی زبان:	یونانی، ترکی
نظام حکومت:	جمہوریہ (صدارتی نظام)
آزادی:	برطانیہ سے
تاریخ آزادی:	16 اگست 1960ء
کرنسی:	یورو (EUR)
انسانی ترقی اشاریہ	:0.903
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 21.41 ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس	:31522 بین الاقوامی ڈالر

چیک جمہوریہ

چیک جمہوریہ تقریباً (30450) مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔اس ملک کا دارالحکومت پراگ ہے۔اس ملک میں 90.4% چیک، 3.7% موراوین، 1.9% سلوک اور 4% دیگر اقوام بستی ہیں۔جن میں سے 27% رومن کیتھولک، 2% پروٹیسٹنٹ اور 59% غیر ملحقہ مذاہب سے تعلق رکھتے ہیں۔اس ملک کی آبادی تقریباً (10,349,372) افراد پر مشتمل ہے۔جن میں سے 99% آبادی پڑھی لکھی ہے۔اس ملک میں چیک زبان بولی جاتی ہے اس ملک میں کوئلہ، کاؤلن، چکنی مٹی، گریفائیٹ اور لکڑی کے ذخائر پائے جاتے ہیں۔ڈنمارک کی تقریباً 113 ارب ڈالر کی برآمدات ہیں جن میں مشینری اور آلات، نقل وحمل 52%، 5% کیمیات، 9% خام مال اور ایندھن شامل ہیں۔جبکہ درآمدات تقریباً 109.8 ارب ڈالر ہیں جس میں مشینری اور آلات نقل وحمل ii 46% خام اور ایندھن، 15% اور کیمیات 10% شامل ہے۔یہ ملک جرمنی، سلوویکیا، آسٹریا، پولینڈ، برطانیہ، فرانس، اٹلی، نیدرلینڈ، چین اور رشیا سے کاروبار میں شراکت دار ہے اس ملک کی کرنسی چیک کرونا ہے۔

ملک: چیک جمہوریہ

دارالحکومت: پراگ

زبانیں: چیک

صوبے: 13 صوبے

رقبہ: (30450) تیس ہزار چار سو پچاس مربع میل

آبادی: (10,349,372) ایک کروڑ تین لاکھ انچاس ہزار تین سو بہتر افراد

قومیت: 90.4% چیک، 3.7% موراوین، 1.9% سلوک اور 4% دیگر۔

مذاہب: 27% رومن کیتھولک، 2% پروٹیسٹنٹ اور 59% غیر ملحقہ مذاہب۔

تعلیم کا تناسب: 99% آبادی پڑھی لکھی ہے۔

قدرتی ذخائر: کوئلہ، کاؤلن، چکنی مٹی، گریفائیٹ اور لکڑی وغیرہ۔

برآمدات: 113 ارب ڈالر جس میں مشینری اور آلات، نقل وحمل 52%، 5% کیمیات، 9% خام مال اور ایندھن شامل ہیں۔

درآمدات : 109.8 ارب ڈالر جس میں مشینری اور آلات نقل وحمل ii 46% خام اور ایندھن، 15% اور کیمیات 10% شامل ہیں۔

کاروباری شراکت دار	:جرمنی،سلوویکیا،آسٹریا،پولینڈ،برطانیہ،فرانس، اٹلی،نیدرلینڈ،چین اور رشیا۔
قومی زبان:	چیک
نظام حکومت:	پارلیمانی جمہوریہ
تشکیل:	چیکوسلواکیہ کے 2 حصے ہوئے
آسٹریا ہنگری سے آزادی	:28 اکتوبر 1918ء
یورپی یونین کی رکنیت:	یکم مئی 2004ء
کرنسی:	چیک کرونا (C2K)
انسانی ترقی اشاریہ	:0.891
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 249.1 ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس	:24400 بین الاقوامی ڈالر

ڈنمارک

ڈنمارک تقریباً (16,639) مربع میل پر پھیلا ہوا ہے اس ملک کا دارالحکومت کوپن ہیگن ہے۔اس ملک میں اینوٹ، سکانڈنیوین، فاروس، جرمن، ترک، ایرانی اور سومالی اقوام بستی ہیں۔جن میں سے 95% لوتھری عقیدے کے لوگ، 3% پروٹیسٹیٹ اور رومن کیتھولک اور 2% مسلمان مذاہب سے تعلق رکھتے ہیں۔اس ملک کی آبادی تقریباً (5,47,5791) افراد پر مشتمل ہے جن میں سے 100% آبادی پڑھی لکھی ہے۔اس ملک میں مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں جن میں انگریزی، جرمنی، ڈچ اور فاروس قابل ذکر ہیں۔اس ملک میں پیٹرول، قدرتی گیس، مچھلی، نمک، چونے کا پتھر، گارا اور مٹی کے ذخائر موجود ہیں۔ڈنمارک 84.95 ارب ڈالر جس میں مشینری اور آلات، گوشت کی مصنوعات، دودھ کی مصنوعات، مچھلی اور کیمیات، اثاثیہ، بحری جہاز اور پن چکیاں شامل ہیں برآمد کرتا ہے اور تقریباً 74.69 ارب ڈالر جس میں مشینری اور آلات، خام مال، نیم تیار مال برائے صنعت، کیمیات اور اناج اور کھانے کی اشیاء درآمد کرتا ہے۔ڈنمارک کی جرمنی، سویڈن، برطانیہ، امریکہ، نیدرلینڈ، ناروے، فرانس، اٹلی اور چین سے کاروباری شراکت داری ہے۔یہاں کی کرنسی ڈنمارک کا کرونا ہے۔

ملک:	ڈنمارک
دارالحکومت:	کوپن ہیگن
زبانیں:	انگریزی، جرمنی، ڈچ اور فاروس
صوبے:	5 صوبے
رقبہ:	(16,639) سولہ ہزار چھ سو انتالیس مربع میل
آبادی:	(5,47,5791) چون لاکھ پچھتر ہزار سات سو اکیانوے افراد
قومیت:	اینوٹ، سکانڈنیوین، فاروس، جرمن، ترک، ایرانی اور سومالی۔
مذاہب:	95% لوتھری عقیدے کے لوگ، 3% پروٹیسٹیٹ اور رومن کیتھولک اور 2% مسلمان۔
تعلیم کا تناسب:	100% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	پیٹرول، قدرتی گیس، مچھلی، نمک، چونے کا پتھر، گارا اور مٹی کے ذخائر۔
برآمدات:	84.95 ارب ڈالر جس میں مشینری اور آلات، گوشت کی مصنوعات، دودھ کی مصنوعات، مچھلی اور کیمیات، اثاثیہ، بحری جہاز اور پن چکیاں شامل ہیں۔

درآمدات:	74.69ارب ڈالر جس میں مشینری اور آلات، خام مال، نیم تیار مال برائے صنعت، کیمیات اور اناج اور کھانے کی اشیاء شامل ہیں۔
کاروباری شراکت دار:	جرمنی، سویڈن، برطانیہ، امریکہ، نیدرلینڈ، ناروے ،فرانس، اٹلی اور چین
قومی زبان:	ڈینش
نظام حکومت:	آئینی ملوکیت
اتحاد:	قبل از تاریخ سے
یورپی یونین کی رکنیت:	یکم جنوری 1973ء
کرنسی:	ڈنمارک کا کرونا(DDK)
انسانی ترقی اشاریہ:	0.949
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 204.6ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس:	37400بین الاقوامی ڈالر

جبوتی

اس ملک کا رقبہ 8958مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔اس کا دارالحکومت بھی جبوتی ہے۔اس ملک کے پانچ صوبے ہیں۔اس ملک میں 60%صومالی، 35% آفار،اور 5% دیگر اقوام بستی ہیں جن میں 94% مسلمان اور 6% عیسائی مذہب کے لوگ رہتے ہیں۔اس ملک کی آبادی 833000افراد پر مشتمل ہے جس میں 68% آبادی پڑھی لکھی ہے۔اس ملک میں فرانسیسی، عربی، صومالی اور آفار زبانیں بولی جاتی ہیں۔اس ملک میں 94% مسلمان اور 6% عیسائی مذہب سے تعلق رکھتے ہیں۔اس ملک میں سونا، چکنی مٹی، گرینائیٹ، سنگ مرمر، نمک، جپسم اور پیٹرول کے ذخائر پائے جاتے ہیں۔اس ملک کی برآمدات 340 ملین ڈالر ہے جس میں چمڑا اور کافی شامل ہے جبکہ درآمدات 1.555 ارب ڈالر کی ہیں جس میں کھانا، مشروبات، آلات نقل و حمل، کیمیات اور پیٹرولیم کی مصنوعات شامل ہے۔یہ ملک صومالیہ، یمن، ایتھوپیا، سعودی عرب، انڈیا اور چین کے ساتھ کاروباری شراکت دار ہے۔اس ملک میں جبوتی فرینک رائج ہے۔

ملک:	جبوتی
دارالحکومت:	جبوتی
زبانیں:	فرانسیسی، عربی، صومالی اور آفار
صوبے:	پانچ صوبے
رقبہ:	(8958) آٹھ ہزار اٹھ سو اٹھانوے مربع میل
آبادی:	(833000) آٹھ لاکھ تینتیس ہزار افراد
قومیت:	60%صومالی، 35% آفار،اور 5% دیگر
مذاہب:	94%مسلمان اور 6%عیسائی
تعلیم کا تناسب:	68% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذرائع:	سونا، چکنی مٹی، گرینائیٹ، سنگ مرمر، نمک، جپسم اور پیٹرول
برآمدات:	340 ملین ڈالر ہے جس میں چمڑا اور کافی شامل ہے
درآمدات:	1.555 ارب ڈالر کی ہیں جس میں کھانا، مشروبات، آلات نقل وحمل، کیمیات اور پیٹرولیم کی مصنوعات شامل ہے۔

کاروباری شراکت دار:	صومالیہ، یمن، ایتھوپیا،سعودی عرب، انڈیااورچین
قومی زبان:	فرانسیسی،عربی
نظام حکومت:	جمہوریہ(صدارتی نظام)
آزادی:	فرانس سے
تاریخ آزادی:	27جون 1977ء
کرنسی:	جبوتی فرانک(DJF)
انسانی ترقی اشاریہ	0.516:
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 1.878 ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس	1000: بین الاقوامی ڈالر

ڈومینیکا

اس ملک کا رقبہ دو289.92مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔اس ملک کا دارالحکومت روسو ہے۔اس ملک میں دس پیرش (صوبے) ہیں۔ اس ملک میں سیاہ فام، یورپی، شامی،گریک، ایرانڈین اقوام آباد ہیں جن میں 77% رومن کیتھولک، 15% پروٹیسٹینٹ، اور 2% لادین ہیں۔اس ملک کی آبادی 67000 افراد پر مشتمل ہے جس میں سے 94% آبادی پڑھی لکھی ہے۔اس ملک میں انگریزی اور فرانسیسی زبانیں بولی جاتی ہیں۔اس ملک میں لکڑی، آبی توانائی اور زرخیز زمین کے ذخائر پائے جاتے ہیں۔اس ملک کی برآمدات 74 ملین ڈالر ہے جس میں صابن، تیل، سبزیاں اور پھل شامل ھیں جبکہ درآمدات 234 ہے جس میں مشینری اور آلات، کھانا اور کیمیات شامل ہیں۔یہ ملک برطانیہ، جمائیکا، جاپان، امریکہ، چین اور جنوبی کوریا کے ساتھ کاروباری شراکت دار ہے۔ اس ملک کی کرنسی مشرقی کریبین ڈالر ہے۔

ملک:	ڈومینیکا
دارلحکومت:	روسو
زبانیں:	انگریزی اور فرانسیسی
صوبے:	10صوبے
رقبہ:	289.96مربع میل
آبادی:	67000سڑسٹھ ہزار
قومیت:	سیاہ فام، یورپی، شامی، گریک اور ایرانڈین
مذاہب:	77%رومن کیتھولک، 15%پروٹیسٹینٹ، 2%لادین
تعلیم کا تناسب:	94% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	لکڑی، آبی توانائی اور زرخیز زمین
برآمدات:	74ملین ڈالر جس میں صابن، تیل، سبزیاں اور پھل شامل ہیں۔
درآمدات:	234جس میں مشینری اور آلات، کھانا اور کیمیات شامل ہیں۔
کاروباری شراکت دار ممالک:	برطانیہ، جمائیکا، جاپان، امریکہ، چین اور جنوبی کوریا
قومی زبان:	انگریزی
نظام حکومت:	پارلیمانی جمہوریہ

آزادی:	برطانیہ سے
تاریخ آزادی:	3نومبر 1978ء
کرنسی:	مشرقی کریبین ڈالر(XCD)
انسانی ترقی اشاریہ:	0.798
خام ملکی پیداوار:	مجموعی4850 بین الاقوامی ڈالر
فی کس	:3800 بین الاقوامی ڈالر

ڈومینیکین ریپبلک

اس ملک کا رقبہ (18704) مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔اس کا دارالحکومت سانتو ڈومینگو ہے۔ اس ملک کے اکیس صوبے ہیں۔اس ملک میں ہسپانوی زبان بولی جاتی ہے۔اس ملک میں 16% گورے، 11% سیاہ فام اور 73% دیگر اقوام بستی ہیں جن میں 95% رومن کیتھولک ہیں۔اس ملک کی آبادی (9378818) افراد پر مشتمل ہے،جس میں سے 85% آبادی پڑھی لکھی ہے۔اس ملک میں نکل، باکسائیٹ، سونا اور چاندی کے ذخائر پائے جاتے ہیں۔اس ملک کی برآمدات 6.881 ارب ڈالر کی ہیں جس میں نکل، چینی، سونا، چاندی، کافی، کوکوا، تمباکو اور گوشت شامل ہے جبکہ درآمدات 12.89 ارب ڈالر کی ہیں جس میں کھانے کی اشیاء، پیٹرول، کپاس، کپڑا، کیمیات اور ادویات شامل ہیں۔یہ ملک امریکہ، برطانیہ، بیلجیم، وینزویلا، کولمبیا اور میکسیکو کے ساتھ کاروباری شراکت دار ہے۔

ملک:	ڈومینکس
دارلحکومت:	سانتو ڈومینگو
صوبے:	اکتیس صوبے
رقبہ:۔	18715 اٹھارہ ہزار سات سو پندرہ مربع میل
آبادی:	(9378818) ترانوے لاکھ اٹھتر ہزار آٹھ سو اٹھارہ
قومیت:	16% گورے، 11% سیاہ فام اور 73% دیگر اقوام
تعلیم کا تناسب:	85% پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	نکل، باکسائیٹ، سونا اور چاندی
برآمدات:	6.881 ارب ڈالر کی ہیں جس میں نکل، چینی، سونا، چاندی، کافی، کوکوا، تمباکو اور گوشت شامل ہے۔
درآمدات:	12.89 ارب ڈالر کی ہیں جس میں کھانے کی اشیاء، پیٹرول، کپاس، کپڑا، کیمیات اور ادویات شامل ہیں۔
کاروباری شراکت دار ممالک:	امریکہ، برطانیہ، بیلجیم، وینزویلا، کولمبیا اور میکسیکو
قومی زبان:	سپینش
نظام حکومت:	ڈیموکریٹک

آزادی:	سپین سے
سپین سے:	1دسمبر 1821ء
ھیٹی سے	:27فروری 1844ء
اسپین سے:	16اگست 1865ء
کرنسی:	پیسو(DOP)
انسانی ترقی اشاریہ:	0.663
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 93.383ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس:	9286بین الاقوامی ڈالر

ایکواڈور

اس ملک کا رقبہ تقریب (109484) مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔اس کا دارالحکومت کیوٹو ہے۔اس ملک میں 65% ایمر انڈین، 25% گورے، 7% بلیک اور 7% اسپینش اقوام بستی ھیں جن میں 95% رومن کیتھولک مذہب سے تعلق رکھتے ہیں۔یہاں کی آبادی (13341000) افراد پر مشتمل ہے جن میں سے 93% آبادی پڑھی لکھی ھے۔اس ملک میں پیٹرول، لکڑی، مچھلی اور ہائیڈرو پاور کے قدرتی ذخائر پائے جاتے ہیں۔اس ملک کی برآمدات تقریبا 13.3 بلین ڈالر جس میں پیٹرول، کیلے، جھینگا شامل ہے جبکہ درآمدات 13 بلین ڈالر جس میں گاڑیاں، صحت آور اشیاء اور ٹیلی مواصلات کی اشیاء شامل ہیں۔ایکواڈور کی زیادہ تر تجارت امریکہ، پیرو، اٹلی، کولمبیا، برازیل اور پانامہ سے ہوتی ھے۔یہاں کا سکہ یو ایس ڈالر ہے۔

ملک:	ایکواڈور
دارالحکومت:	کوئٹو
زبانیں:	اسپینش، کوئیلو اور دیگر ایمر انڈین زبانیں
رقبہ:	(109484) ایک لاکھ نو ہزار چار سو چوراسی مربع میل
آبادی:	(14573101) ایک کروڑ پینتیس لاکھ اکتالیس ہزار ایک سو ایک افراد
قومیت:	65% ایمر انڈین، 25% گورے، 7% بلیک اور 7% اسپینش
مذاہب:	95% رومن کیتھولک
تعلیم کا تناسب:	93% آبادی پڑھی لکھی ہے۔
قدرتی ذخائر:	پیٹرول، لکڑی، مچھلی اور ہائیڈرو پاور
برآمدات:	13.3 بلین ڈالر جس میں پیٹرول، کیلے اور جھینگا شامل ہے۔
درآمدات:	13 بلین ڈالر جس میں گاڑیاں صحت آور اشیاء، اور ٹیلی مواصلات کی اشیاء شامل ہیں۔
کاروباری شراکت دار ممالک:	امریکہ، پیرو، اٹلی، کولمبیا، برازیل اور پاپامہ
قومی زبان:	ہسپانوی
نظام حکومت:	جمہوریہ (صدارتی نظام)
آزادی:	ہسپانیہ سے
ہسپانیہ سے	:24 مئی 1822ء

کولمبیا سے:	13 مئی 1830ء
کرنسی:	امریکی ڈالر (USD)
انسانی ترقی اشاریہ:	0.772
خام ملکی پیداوار:	مجموعی 98.28 ارب بین الاقوامی ڈالر
فی کس:	7100 بین الاقوامی ڈالر

مشرقی تیمور

اس ملک کا رقبہ تقریباً (5743) مربع میل پر پھیلا ہوا ہے۔ اس ملک کا دارالحکومت دلی ہے۔ یہاں زیادہ تر ایسٹرویفیین، پاپون، چائنیز اقوام بستی ہیں۔ جن میں %90 رومن کیتھولک، %4 مسلم، %3 پروٹیسٹنٹ، %0.5 ہندو مذاہب سے تعلق رکھتے ہیں اس ملک کی آبادی تقریباً (1131612) افراد پر مشتمل ہے جس میں %58.6 آبادی پڑھی لکھی ہے اس ملک میں جو زبانیں بولی جاتی ہیں ان میں تیتم، انڈونیشین اور انگریزی زبان شامل ہے اس ملک میں سونا، پیٹرول، قدرتی گیس، سنگ مرمر اور مینگنیز کے قدرتی ذخائر پائے جاتے ہیں۔ یہاں کی برآمدات تقریباً 10 لاکھ ڈالر جس میں کافی، صندل کی لکڑی اور سنگ مرمر شامل ہے۔ جبکہ درآمدات تقریباً 202 ملین ڈالر جس میں گیسولین، کھانے کی اشیاء، مٹی کا تیل اور مشینری شامل ہے۔ تیمور کا کاروباری شراکت دار ملک انڈونیشیا ہے۔

ملک:	مشرقی تیمور
دارلحکومت:	دلی
